بلندیوں کو چھونا

Teradata کارپوریشن کا ضابطہ اخلاق

فہرست مشمولات

عوام تک رسائی کرنا

درست ریکارڈز رکھنا
سماجی پیغام رسانی، آئی ٹی اور نیٹ ورک سسٹمز
داخلی تجارت
کمپنی کی بیرونی کمیونیکیشنز
سیاسی اور خیراتی سرگرمیاں

ہمارے وعدوں کی تکریم

رشوت خوری اور بدعنوانی کے لئے صفر برداشت
درآمد اور برآمد سے متعلق تعمیل
تحائف اور تفریح
ماحولیات، صحت اور حفاظت کی تعمیل
سماجی ذمہ داری اور انسانی حقوق

جدت پسندی کی کوشش کرنا

ملکیتی اور رازدارانہ معلومات
فریقِ ثالث انٹلکچول پراپرٹی
Teradata سند یافتہ پیشہ ورانہ پروگرام
رازداری اور ڈیٹا کا تحفظ
مصنوعی ذہانت

اپنی صنعت میں بلندی تک پہنچنا

منصفانہ مقابلہ کرنا
صنعتی ایسوسی ایشنز اور تجارتی شوز میں شرکت کرنا
صارفین کے ساتھ منصفانہ معاملہ
مارکیٹ کی طاقت کا غلط استعمال نہ کرنا
کاروباری ذہانت

اخلاقی اور تعمیلی رابطے اور وسائل

دیانتداری اہم ہے

قیادت کی جانب سے خط

ضابطے کی پاسداری کرنا

کسے ضابطہ پر لازماً عمل کرنا چاہیئے؟
ہمارے ضابطہ اخلاق کے عزائم
اخلاقی فیصلے کرنے کے لئے ضابطے کو استعمال کرنا
رہنمائی حاصل کرنا اور خلاف ورزیوں کی اطلاع دینا
مشتبہ خلاف ورزیوں کی رپورٹس کی تفتیش کرنا
غیر-انتقامی
مینیجرز کی خصوصی ذمہ داریاں

ایک دوسرے کی طرف جوابدہی

تنوع، مساوات اور شمولیت
عدم امتیاز، عدم ہراسگی اور انسداد دھونس دھمکی
مفاد کے ٹکراؤ سے بچنا
جائے کار کا تحفظ اور صحت
کمپنی کی املاک کا استعمال

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

Teradata میں، ہم جانتے ہیں کہ جب لوگوں کو بھروسہ مند معلومات کے ساتھ بااختیار بنایا جاتا ہے تو وہ ترقی حاصل کرتے ہیں۔ بھروسہ جدت اور شراکت داریوں کی راہ ہموار کرتے ہوئے مواقع میں اضافہ کرتا ہے۔ باہم مل کر، ہم اپنے صارفین اور اپنی دنیا کو ابھرنے کے قابل بناتے ہیں۔

Teradata ضابطۂ اخلاق (جو "ضابطہ" بھی کہلاتا ہے) Teradata کے تمام افراد اور ٹیموں سے مطلوب کردار کے معیارات کا خلاصہ ہے، جو مزید بلندیوں کو چھونے میں ہماری مدد کرتا ہے۔ Teradata ضابطہ ہمیں یہ سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ کس طرح ہم ان قانونی اور اخلاقی ذمہ داریوں کی پاسداری کریں جو ہمارے کام کا حصہ ہیں۔ یہ سب کو پیروی کرنے کے لیے Teradata کے واضح اور ہم آہنگ قوانین قائم کرنے میں مدد دیتا ہے۔

ضابطہ صرف ایک عمومی جائزہ ہے۔ آپ کو ضابطے میں اور دوسری جگہوں پر Teradata کے مراسلوں میں حوالہ جاتی پالیسیوں کی ایک بڑی تعداد مل جائے گی۔ یہ پالیسیاں، مزید تفصیل کے ساتھ، ہمارے تقاضوں کا تعین کرتی ہیں۔ ہم مشتبہ خلاف ورزیوں کی اطلاع پر بھی زور دیتے ہیں۔ آپ کو کام سے پہلے سوالات کرنے میں دقت محسوس نہیں ہونی چاہیئے، تاکہ آپ کو ہمارے ضابطے، ہماری پالیسیوں یا قانونی تقاضوں کی تعمیل کے بارے میں پیشگی واضح جوابات حاصل ہو سکیں۔ ضابطہ کا اطلاق صارف اور مارکیٹ کی بناء پر چلنے، عمل میں مستعدی اور ایک دوسرے کے لیے جوابدہی کے ہمارے بنیادی اصولوں کے مطابق ہونا چاہیے۔

ہمارا ضابطہ عالمی سطح پر Teradata کے تمام ملازمین اور اداروں پر لاگو ہوتا ہے۔

اس دستاویز میں ''Teradata'' سے مراد Teradata Corporation اور دنیا بھر میں اس کے تمام ذیلی ادارے، ملحقہ ادارے، کاروباری تنظیمیں، ٹیمیں، اور آپریشن ہیں۔ " Teradataایسوسی ایٹس" میں Teradata کا ہر ملازم، آزاد ٹھیکیدار، ذیلی ٹھیکیدار، عارضی ملازم، ایجنٹ، نمائندہ، افسر، اور بورڈ ممبر شامل ہے۔

Teradata "کاروباری شراکت داران" میں Teradata کا ہر سپلائر، وینڈر، ریسیلر، ڈسٹریبیوٹر، الائنس پارٹنر، سروس فراہم کار، اور دیگر فریق ثالث جن کے ساتھ Teradata کاروبار کرتا ہے، یا کاروبار کرنے کی پیشکش کرتا ہے۔ دنیا بھر میں Teradata کے تمام "لوگ" Teradata "ایسوسی ایٹس" اور Teradata کے تمام "کاروباری شراکت داران" ہیں۔

Teradata کی عالمی پالیسیا

Teradata کے ملازمین کو ہماری عالمی پالیسیوں کی ویب سائٹ **https://teradata.sharepoint.com/teams/policy** تک رسائی حاصل ہے، جہاں ضابطے میں حوالہ دی گئی ہر ایک پالیسی مل سکتی ہے۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

دیانتداری اہم ہے

میں اخلاقی برتری کے لیے ہمارا عزم Teradata

ہم AI کے ذریعے کارفرما ناقابل یقین تکنیکی تبدیلی کے دور میں ہیں۔ ڈیٹا کے تجزیات اور بھروسہ مند AI کے لیے سب سے زیادہ کشادہ اور منسلک پلیٹ فارم کے طور پر، Teradata انٹرپرائزز کو AI انقلاب میں نیویگیٹ کرنے کے قابل بناتا ہے، ہم آہنگ ڈیٹا اور تیز تر اختراع فراہم کرتا ہے۔ اور بطور کمپنی، ہم اخلاقی طور پر کاروبار کرنے کے اپنے غیر متزلزل عزم کو برقرار رکھتے ہوئے ترقی اور جدت طرازی پر توجہ مرکوز رکھتے ہیں۔

ہماری مضبوط اخلاقی ثقافت اچھے کاروباری طریقوں کا نتیجہ ہے جو ہمارے روزمرہ کے انتخابات کے ذریعے پوری تنظیم میں ظاہر ہوتی ہے۔ جیسا کہ ہم اپنی حکمت عملی پر عمل درآمد جاری رکھے ہوئے ہیں، ہمارا ضابطہ اخلاق ہماری منصوبہ بندی، عمل کاری اور فیصلہ سازی کو آگے بڑھاتا ہے، اور یہ ایک دوسرے کے لیے جوابدہی کے ہمارے بنیادی اصولوں، عمل درآمد میں مستعدی اور صارف اور مارکیٹ سے چلنے کی توسیع ہے۔

Teradata میں، دیانتداری اپنائے رکھنا سب کا فرض ہے۔ ہمارا بورڈ آف ڈائریکٹرز اور اعلیٰ قیادت مسلسل اخلاقیات اور دیانتداری کو ترجیح دیتے ہیں اور ملازمین کو ہمارے اعلیٰ معیارات کے لیے جوابدہ ٹھہرایا جاتا ہے۔ ہم تعمیل کی کسی بھی خلاف ورزی کے ردعمل میں فوری اور فیصلہ کن کارروائی کرتے ہیں۔

اپنے ملازمین کے اجتماعی عزم کے ساتھ، ہم نے دیانتداری کی وجہ سے اپنی شہرت حاصل کی ہے جس بنا پر Teradata کو مسلسل کئی سالوں سے "دنیا کی سب سے بااخلاق کمپنیوں میں سے ایک" کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔ جیسا کہ ہم اپنی کامیابی کے سفر کو جاری رکھے ہوئے ہیں، ہم آپ میں سے ہر کسی کو اور ہمارے شراکت داروں اور سپلائرز کی کمیونٹی کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ ذاتی طور پر Teradata سے متعلقہ کاروبار میں تمام تر ضابطہ اخلاق اور ہمارے بنیادی اصولوں کو برقرار رکھنے کا عہد کریں۔ اخلاقی فیصلے کرنے میں ہمارے ضابطۂ اخلاق کو ایک رہنما ہدایت کے طور پر استعمال کریں۔ اسے پڑھیں، سمجھیں کہ اس کا اپنے کام میں کیسے اطلاق کرنا ہے، اور اس سے – اکثر رجوع کریں۔

یہ یقینی بنانے کے لیے آپ کا شکریہ کہ اخلاقیات، تعمیل اور دیانتداری Teradata میں ہمارے کیے جانے والے ہر کام کا مرکز رہتی ہے، جیسا کہ ہم ایک ایسی تنظیم کے طور پر ترقی کر رہے ہیں جو اعتماد، احترام اور مشترکہ مقصد کی قدر کرتی ہے۔

سٹیو میک میلن (Steve McMillan)
صدر اور چیف ایگزیکٹو افسر
Teradata Corporation

ضابطے کی پاسداری کرنا

Teradata جو توقعات ہمارے ایسوسی ایٹس، کاروباری شراکت داروں اور وسیع تر ٹیم سے رکھتی ہے، ہمارا ضابطہ اس کا اظہار کرتا ہے۔ ہم پر صحیح کام کرنے کے لئے اعتماد کیا گیا ہے۔ کام سے قبل ہم سوالات کر کے اور جوابات حاصل کر کے، اور غلط کام کے خلاف صف آرا ہو کر یہ اعتماد حاصل کرتے ہیں۔ ہم اسے Teradata کے صارفین پر مرکوز، پرجوش کمپنی کی ساکھ کو برقرار رکھ کر حاصل کرتے ہیں، جو کاروبار کو درست اور خوش وضع طریقے سے انجام دیتی ہے۔ اور جیسے جیسے ہم اعتماد حاصل کرتے ہیں، ہم اپنی کمپنی، شیئر ہولڈرز، ہمارے کاروباری شراکت داروں، ہماری کمیونٹیز اور صارفین کے لیے تابناک مستقبل کی تعمیر جاری رکھتے ہیں۔

اگر کچھ درست محسوس نہیں ہوتا، دیکھنے میں درست نہیں لگتا، یا سننے میں درست نہیں لگتا، تو ہمیں اس پر سوال کرنا چاہیئے۔ اگر ہمارا ضابطہ اور پالیسیاں واضح طور پر تشویش کو حل نہیں کر پاتیں، تو ہمیں لازماً دوسرے ذرائع سے رہنمائی حاصل کرنی چاہیئے۔ ہمیں مسلسل درست کام کر تے ہوئے اعتماد حاصل کرنا اور اس کی تصدیق کرنی چاہیئے۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

کسے ضابطہ پر لازماً عمل کرنا چاہیئے؟

Teradata کا ضابطہ دنیا بھر میں تمام Teradata ٹیموں پر لاگو ہوتا ہے۔ ہم اپنے کاروباری شراکت داروں سے بھی توقع کرتے ہیں کہ وہ ہمارے تمام معیاروں اور رویوں کا اطلاق Teradata سے متعلق اپنی تمام سرگرمیوں میں کریں۔

Teradata کے ذیلی ادارے، اور ملحقہ کمپنیاں، کاروباری تنظیمیں، آپریشنز، اور ٹیمیں ہمارے ضابطے میں اضافے کے لئے اضافی معیارات پر عمل درآمد کرنے کا فیصلہ کر سکتی ہیں۔ اگر اضافی معیارات کا اطلاق آپ پر ہوتا ہے، تو آپ کے لیے ہمیشہ کڑے معیار پر عمل کرنا لازمی ہے—تاکہ آپ ہمارے اور ٹیم- یا ذمہ داری کے مطابق معیارات دونوں کی پاسداری کریں۔

اپنے ضابطے کو اپنی روزمرہ کی سرگرمیوں میں شامل کر کے، ہم کاروبار کو درست طریقے سے کرنے کو یقینی بناتے ہیں۔ جو کوئی ہمارے ضابطے کے ذریعہ وضع کردہ اصولوں اور معیار کے برخلاف کام کرتا ہے اس پر تادیبی کارروائی کی جائے گی، جس میں مقامی قانون کے مطابق، برطرفی شامل ہے۔

ہمارے ضابطہ اخلاق کے عزائم

ہمارا کاروبار اخلاقیات پر مبنی ہے اور ہمارے ضابطے اور پالیسیوں کی پاسداری کرتا ہے۔

ہم اپنے ضابطے کو اپنے بنیادی اصولوں کو برقرار رکھنے کے لیے بطور رہنما استعمال کرتے ہیں۔

ہم رہنمائی اور خدشات اور خلاف ورزیوں کی اطلاع چاہتے ہیں۔

ہم تمام لوگوں کے ساتھ احترام سے پیش آتے ہیں۔

ہم قوانین کی پاسداری کرتے ہیں۔

ہم منصفانہ مقابلہ کرتے ہیں۔

ہم مفاد کے تنازعات سے بچتے ہیں۔

ہم اثاثوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

ہم ڈیٹا اور ذاتی معلومات کی حفاظت کرتے ہیں۔

ہم درست ریکارڈ رکھتے ہیں۔

ہم اپنی پالیسیوں اور ضابطے کا مسلسل اطلاق کرتے ہیں۔

ہم نیک نیتی کے ساتھ خدشات اٹھانے والوں کے خلاف انتقامی کاروائی کی ممانعت کرتے ہیں۔

ہم صحیح کام کرتے ہیں—ہمیشہ۔

اخلاقی فیصلے کرنے کے لئے ضابطے کو استعمال کرنا

ہمارا ضابطہ اس معیار کو قائم کرتا ہے کہ ہم Teradata کا کاروبار کس طرح چلاتے ہیں۔ لیکن ہمارا ضابطہ اور پالیسیاں اخلاقی طرز عمل قائم کرنے کے لئے صرف رہنما ہدایات ہیں۔ وہ ہر قسم کے ممکنہ حالت یا ہر اس سوال کا احاطہ نہیں کر سکتے جس سے کسی Teradata فرد کا سامنا ہو سکتا ہے۔ کسی کام کو کرنے کے صحیح طریقے کے بارے میں اگر آپ غیر یقینی ہیں، تو آپ مشورہ ضرور کر لیں۔ ہمارے عمل کرنے سے پہلے اگر کسی چیز کے صحیح ہونے کے بارے میں ہم کو یقین نہیں ہے، تو اخلاقیات ہم کو مجبور کرتی ہیں کہ اس کا جواب حاصل کریں۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

منفرد مواقع پر، کسی منفرد صورت حال کے لیے ہمارے ضابطہ یا پالیسی کی کسی شق کو چھوڑ دینا یا اس میں ردوبدل کرنا مناسب ہو سکتا ہے۔ صورت حال ایسی ہو سکتی ہے کہ اگر ایک عمل کا کرنا خلاف ورزی ہو گا، لیکن دوسرا عمل کرنا—یا کچھ بھی نہ کیا جانا—بھی ایک خلاف ورزی ہو گا، یا جہاں شق لکھنے کے بعد قانونی ضروریات بدل گئی تھیں۔ اگر آپ کو ایسے حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جہاں آپ کے خیال میں ایسا اخلاقی مخمصہ یا تضاد پیدا ہوا ہے، تو آپ کو فوری طور پر اس مسئلے کو اجاگر کرنا چاہیے۔ ذیل میں "رہنمائی حاصل کرنا اور خلاف ورزیوں کی اطلاع دینا" دیکھیں۔ اگر آپ ایسے کسی مسلے یا غیر یقینی حالات سے دوچار ہیں تو اہم چیز یہ ہے کہ عمل کرنے سے پہلے آپ صحیح راہ پا لیں۔

ہماری پالیسیز میں واضح طور پر فراہم کردہ مجاز انحرافات کے علاوہ، تمام ضابطے اور پالیسی میں رعایت کے لیے ضروری ہے کہ Teradata کی قانونی تنظیم سے پیشگی تحریری منظوری حاصل کی جائے۔ صرف Teradata بورڈ آف ڈائریکٹرز کی آڈٹ کمیٹی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ Teradata ایگزیکٹو آفیسرز یا بورڈ ممبرز کے ذریعے ہمارے ضابطے کی پابندی کی رعایت دے سکتی ہے، صرف قطعی منفرد حالات میں، اور وہ بھی فقط مناسب اظہار اور شفافیت کے ساتھ ہو۔ ہم اوپر سے نیچے تک ہر ایک کو ایک ہی ضابطۂ اخلاق کے زمرے میں رکھتے ہیں۔

اور کمپنی ایگزیکٹوز اور بورڈ ممبرز کو اور بھی اونچے معیار اور توقعات پر گردانتے ہیں۔

رہنمائی حاصل کرنا اور خلاف ورزیوں کی اطلاع دینا

ہمارے ضابطے کی خلاف ورزیاں سنگین ہوتی ہیں اور ہمارے کاروباری تعلقات اور ساکھ کو بہت نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ اگر آپ کے پاس کوئی سوال یا خدشہ ہے، یا آپ کسی ایسے برتاؤ کے بارے میں جان جاتے ہیں جو آپ کی سوچ کے مطابق ہمارے کسی ضابطے، یا پالیسیز، یا قانون کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے، تو آپ کا فرض ہے کہ اس کی اطلاع دیں۔ بھلائی کی نیت سے اپنے خدشات کی اطلاع دینا—مطلب آپ صد خلوص سے اور ایک ممکنہ مسئلے کا مکمل بیان دے رہیں ہیں—جائے کار میں مسائل کو ان کے سنگین ہونے سے پہلے ان سے بچنے یا ان کو حل کرنے میں Teradata کی مدد کرتا ہے۔

اگر آپ کو کسی قانونی یا اخلاقی خلاف ورزی کا اندیشہ ہو تو مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کے علم میں لائیں:

آپ کا مینیجر (اگر آپ اپنے مینیجر کے ساتھ خدشہ اٹھانے میں مطمئن ہیں)

ایک اعلیٰ سطحی مینیجر کے

آپ کی Teradata عوامی تنظیم کا نمائندہ

Teradata اخلاقیات اور تعمیلی دفتر کو بذریعہ ای میل E&C@Teradata.com

Teradata کی اخلاقیات کی ہیلپ لائن جس تک آن لائن **www.integrity-helpline.com/tdhelp.jsp** یا ٹیلیفون کے ذریعہ 1-866-455-0993 رسائی کی جا سکتی ہے۔ Teradata اخلاقیات کی ہیلپ لائن ٹیلیفون نمبر زیادہ تر Teradata شراکت داروں کے شناختی بیجز پر پرنٹ ہیں – اس لئے وہ ہمیشہ آپ کو آسانی سے حاصل ہو جائیں گے۔ Teradata اخلاقی ہیلپ لائن گمنام رپورٹنگ کی اجازت دیتی ہے، جہاں قانون اس کی اجازت دیتا ہو۔

Teradata کی قانونی تنظیم کا کوئی بھی رکن

زیر غور شعبے (مثلاً مشتبہ چوری کے مسائل کے لئے کارپوریٹ سکیورٹی یا مشتبہ مالی بے ضابطگیوں کے لئے اندرونی آڈٹ) کے لئے Teradata کے مذکورہ معاملے کے ماہرین کی ٹیم کا کوئی رکن۔

آپ گمنام رہ کر رپورٹ کرنے کا انتخاب تو کر سکتے ہیں، لیکن اس سے آپ کے خدشے کی مخصوص تفصیلات کی پیروی کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ کچھ ممالک میں، مقامی قوانین کے مطابق آپ کو اپنی شناخت کروانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ اخلاقیات اور تعمیل کا دفتر یا اخلاقیات کی ہیلپ لائن آپ کو مطلع کرے گی کہ کیا یہ آپ کی رپورٹ کے لئے لاگو ہوتی ہیں۔ جب آپ ان وسائل سے رابطہ کرتے ہیں تو ہم اپنی شناخت کروانے کے لئے آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اس لئے کہ Teradata اس معاملے کی تفصیلاً چھان بین کر سکتا ہے۔ اگر آپ اپنا نام ظاہر کرتے ہیں یا ذاتی طور پر آگے آتے ہیں، تو Teradata آپکی شناخت محفوظ رکھنے کے لئے قابل اطلاق قوانین کے ذریعے اجازت دیئے جانے کی حد تک اور صرف ضرورتوں کی بنیاد پر آپ کا نام بتانے کے لئے پوری کوشش کرے گا۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

مشتبہ خلاف ورزیوں کی رپورٹس کی تفتیش کرنا

جب آپ کاروباری طرز عمل سے متعلق تشویش کا اظہار کرتے ہیں، تو Teradata اسے سنجیدگی سے لیتی ہے۔ ہم آپ کی ذاتی معلومات کا احتیاط سے نظم کرتے ہوئے مشتبہ بدعنوانی کی تمام رپورٹس کا اچھی طرح تجزیہ اور تفتیش کرتے ہیں۔ Teradata میں عہدے کے تقدم کے درجے سے قطع نظر، کوئی بھی فرد جو ضابطے، ہماری پالیسیوں یا قوانین کی خلاف ورزی کرتا ہے، وہ مناسب تادیبی کارروائی کا سامنا کرے گا، جس میں ملازمت کی برخواستگی تک شامل ہے، بشرطیکہ مقامی قانون کے تحت یہ ممنوع ہو۔ آپ اس بارے میں **یہاں** پڑھ سکتے ہیں کہ ہم تفتیشوں کا نظم کیسے کرتے ہیں۔

کسی تفتیش میں اگر مدد کے لئے کہا جائے تو آپ پر لازم ہے کہ آپ تمام سوالات کے جوابات سچائی کے ساتھ دیں اور مکمل طور پر تعاون کریں۔ جھوٹ، چھپانا، یا کسی اخلاقی یا قانونی خلاف ورزی کی پردہ پوشی ہمارے ضابطے کی سنگین خلاف ورزی ہے اور اس کے نتیجے میں ملازمت ختم ہو سکتی ہے۔

اگر آپ یہاں درج کسی بھی ذرائع کو تحفظات کے متعلق بتانے میں باسہولت نہیں پاتے تو آپ Teradata کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی آڈٹ کمیٹی کو Teradata کے عالمی ہیڈ کوارٹرز میں کارپوریٹ سیکریٹری کو تحریری مراسلت کے ذریعہ رپورٹ کر سکتے ہیں: بورڈ آف ڈائریکٹرز کی آڈٹ کمیٹی، Teradata Corporation، توجہ دیں: Corporate Secretary, 17095 Via Del Campo, San Diego, California (USA) 92127۔

غیر-انتقامی

Teradata کے تمام افراد کو قانون، ہمارے ضابطے، یا Teradata کی پالیسیوں کی کسی بھی مشتبہ خلاف ورزی کی اطلاع ملازمت یا Teradata سے اپنے کاروباری تعلق پر منفی اثر کے خوف کے بغیر دینی چاہیئے۔ Teradata "کچھ دیکھو، کچھ کہو" کے ماحول کو فروغ دیتی ہے۔ اسے تقویت دینے کے لیے، Teradata سوالات کرنے والوں، خدشات ظاہر کرنے والوں، یا نیک نیتی سے رپورٹ کرنے والوں کے ساتھ ساتھ اخلاقیات اور تعمیلی تحقیقات اور آڈٹ میں حصہ لینے والوں کے خلاف جوابی کارروائی کی کسی بھی شکل کی سختی سے ممانعت کرتی ہے۔

جوابی کارروائی کوئی بھی منفی نتیجہ ہے جسے آپ رپورٹ کرنے، تفتیش میں حصہ لینے، یا سوال پوچھنے کے نتیجے میں محسوس کر سکتے ہیں۔ اس میں نامناسب طور پر تنزلی، غیر منصفانہ طور پر کارکردگی کا منفی جائزہ لینا، یا آپ کے بونس یا تنخواہ میں بلا جواز کمی موصول کرنا شامل ہو سکتا ہے۔ اس میں مزید کم سنجیدہ اقدامات بھی شامل ہو سکتے ہیں، جیسے جان بوجھ کر اہم پروجیکٹس یا میٹنگز کا حصہ نہ بنایا جانا۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو جوابی کارروائی کا سامنا کرنا پڑا ہے یا اسے دیکھا ہے، تو اوپر درج ذرائع میں سے کسی ایک سے رابطہ کریں۔ جوابی کارروائی کی اطلاع دے کر، آپ ہماری جائے کار میں اخلاقیات اور دیانتداری کی حمایت کرتے ہیں اور Teradata کو کام کرنے کے لیے ایک بہتر جگہ بناتے ہیں۔

نیک نیتی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ درست ہوں، بلکہ اس کا مطلب آپ کے پاس جتنی بھی معلومات ہیں ان کی فراہمی اور اسے درست سمجھنا ہے۔ بدنیتی تب ہوتی ہے جب کوئی ایسی معلومات فراہم کرتا ہے جو وہ جانتے ہیں کہ غلط ہے، اکثر کسی کے خلاف استعمال کرنے یا انتقامی کاروائی کی نیت سے۔ جس طرح ہم انتقامی کارروائی برداشت نہیں کرتے ، ہم بد نیتی سے جان بوجھ کر غلط معلومات کی فراہمی برداشت نہیں کریں گے۔

مینیجرز کی خصوصی ذمہ داریاں

Teradata ایسوسی ایٹس جو دوسروں کی نگرانی کرتے ہیں ان کے اضافی فرائض اور ذمہ داریاں ہیں۔ مینیجرز کو اپنے الفاظ، فیصلوں، اور عمل کے ذریعے، سالمیت کے اعلیٰ معیارات کے ایک ذاتی عزم کا اظہار کرنا چاہیئے۔ ایک Teradata مینیجر کے طور پر، آپ سے رکھی جانے والی توقعات میں شامل ہیں:

بذاتِ خود ضابطے اور Teradata کی پالیسیوں کی ہمیشہ پیروی کر کے ایک مثال قائم کرنا۔

تبادلہ خیال، گفت و شنید اور تربیت کے ذریعے یقینی بنانا، کہ آپ کی ٹیم کے ایسوسی ایٹس اور آپ کے کاروباری شراکت داران ہمارے ضابطے اور متعلقہ پالیسیوں کو سمجھتے ہیں۔

زیادہ ذمہ داری والے عہدے پر ترقی دینے سے قبل زیر غور لانا کہ آیا آپ کی ٹیم کے ایسوسی ایٹس ہمارے ضابطے پر عمل کرنے کا مظاہرہ کر رہے ہیں اور Teradata کے بنیادی اصولوں کو مثال کے ذریعے فروغ دیتے ہیں۔

ان ایسوسی ایٹس کی نشاندہی اور انھیں اعزاز دینا جو اپنے اعمال اور طرز عمل کے ذریعہ مثبت مثال پیش کرتے ہیں۔

ہوشیار رہیں، اور لازمی طور پر، جائے کار یا اپنی ٹیم کے اندر کسی بھی ممکنہ بد عملی کی اطلاع Teradata اخلاقی اور تعمیلی دفتر کو دیں۔

ایسا ماحول پیدا کریں جس میں Teradata کے افراد کی اخلاقیات، تعمیل اور پالیسی سے متعلق سوالات اور خدشات کے اظہار کی حوصلہ افزائی ہو۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

نیک نیتی سے خدشات کا اظہار کرنے والوں کے خلاف کوئی بھی انتقامی کارروائی نہ کریں یا نہ اس کی اجازت دیں۔

وہ مینیجرز جو خلاف ورزی کے بارے میں جانتے ہیں یا جنھیں جاننا چاہیئے اور اسے حل اور/یا رپورٹ نہیں کرتے ان پر تادیبی کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ یاد رکھیں ایک Teradata مینیجر کے طور پر، یہ آپ کا فرض ہے کہ آپ ایسا طرزِ تخاطب قائم کریں جس Teradata پر سالمیت اولین ترجیح ہو۔

ایک دوسرے کی طرف جوابدہی

ہم Teradata میں کام کا ایسا ماحول فراہم کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو تمام ساتھیوں، صارفین، اور کاروباری شراکت داروں کے احترام کو پروان چڑھاتا ہے اور جن میں کمیونٹیز کے تنوع شامل ہیں اور جو ان کی عکاسی کرتا ہے جس ماحول میں ہم کاروبار کرتے ہیں۔ ہم امتیازی سلوک، ہراسگی، دھونس جمانے اور جوابی کارروائی کے خلاف اپنی پالیسیوں کے ذریعے اس عہد کو پختہ بناتے ہیں۔ ہم نے نسل پرستی کی مخالف کمپنی کی حیثیت سے اپنا مؤقف واضح کیا ہے، جس میں کسی بھی ایسے نظام، قدر، برتاؤ اور عمل کو بالکل مٹانے میں معاونت کرنا ہے جو ہمارے ادارے میں نسل پرستی اور دوسری ناانصافیوں کو نادانستہ طور پر دوام بخشتے ہوں۔

تنوع، مساوات اور شمولیت

ایک عالمی کمپنی کے طور پر، Teradata سمجھتا ہے کہ یہ لوگوں کا تنوع—اور ثقافت، خیالات، تربیت، اور پس منظر جو وہ فراہم کرتے ہیں—ہم کواختراع حاصل کرنے کے قبل بناتے ہیں اور ان مصنوعات اور خدمات کو بہتر بناتے ہیں جو ہم اپنے صارفین کو فراہم کرتے ہیں۔ جب ہم ایک محفوظ، اشتراکی اور مشمولی ماحول پیدا کرتے ہیں، تو وہ Teradata میں ہر ایک کو اپنی بھرپور صلاحیت حاصل کرنے کے قابل بناتا ہے۔

جن ممالک میں ہم کام کرتے ہیں Teradata ان ممالک کے قوانین اور قواعد و ضوابط کی پابندی کرتا ہے۔ تاہم، تنوع، مساوات اور مشمولیت کا ہمارا عزم قانونی تعمیل سے بھی زیادہ وسعت رکھتا ہے۔ Teradata ایسا جائے کار تخلیق کرنے کی کوشش کرتا ہے، جہاں مختلف ثقافتوں اور خیالات، کی قدر، حمایت، اور حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ Teradata اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ سب کو مساوی مواقع ملیں اور ہمارے کاموں میں سب کو شامل کیا جائے باقاعدگی کے ساتھ اپنی پالیسیوں، نظاموں اور کام کرنے کے حالات کا معائنہ کرتا ہے۔ Teradata تمام ملازمین کو ثقافت، جامع قیادت، تعصب کے نظم اور سب کے لئے منصفانہ برتاؤ سے متعلق موضوعات کے بارے میں سیکھنے کے مواقع بھی فراہم کرتا ہے۔ Teradata کی مشمولی کمیونٹیز مختلف پس منظر والے ملازمین کو نیٹ ورکنگ اور صلاح کاری کی معاونت پیش کرتی ہیں۔ اور، Teradata تنوع کے حامی کاروباری اداروں کی شناخت کر کے اور ان سے خریداری کر کے، اپنے خریداری کے طریقہ کار میں سپلائرز کا تنوع شامل کرنا چاہتی ہے۔ ہمارا کام یہاں ختم نہیں ہوتا، اور Teradata اس شعبے میں مسلسل ترقی اور حصول یابی کے لئے پرعزم ہے۔

عدم امتیاز، عدم ہراسگی اور انسداد دھونس دھمکی

Teradata میں، ہم امتیازی سلوک، ہراسگی یا دھونس جمانے سے پاک جائے کار بنانے کے بارے میں خلوص دل سے پرعزم ہیں۔ ہم نسل پرستی سمیت امتیازی سلوک کی تمام شکلوں کا مقابلہ کرنے اور ان کو ختم کرنے کے بارے میں پرعزم ہیں، جس کی تعریف افعال، برتاؤ، یا الفاظ کے طور پر کی جاتی ہے جو بالواسطہ یا بلا واسطہ طور پر افراد کو کسی مخصوص نسلی یا قومی گروپ میں رکنیت کی بنیاد پر حاشیہ بندی کرتے، خارج کرتے یا ان کے خلاف امتیاز برتتے ہوں۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

تنوع، مساوات اور شمولیت کے لئے ہمارا عزم

- ہم سب کی حوصلہ افزائی کریں گے کہ جب ان کو عدم برداشت، بدسلوکی، بد تہذیبی، یا افعال میں شعوری/غیر شعوری تعصب کا تجربہ ہوتا ہے یا مشاہدہ ہوتا ہے تو وہ آواز بلند کریں گے۔
- ہم اپنے آپ سے پوچھیں گے، "کیا ہمارے افعال اور الفاظ شمولیت کی عکاسی کرتے ہیں؟"
- ہم رفیق کاروں کے ساتھ معنی خیز، پیچیدہ اور بسااوقات مشکل گفتگوؤں کا آغاز کریں گے۔
- ہم سب کے لئے مشمولی ماحول یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہیں۔ ہم مختلف نقطہ نظر پر غور کریں گے اور ان نقطہ نظر اور ابلاغ رسائی کے طرز کی قدر کریں گے جو ہم سے مختلف ہوں۔
- ہم یقینی بنائیں گے کہ ہمارے افعال اور الفاظ مشمولیت کے لئے ہماری وابستگی اور اس کی قدر کی عکاسی کرتے ہیں۔
- ہم سب کی حوصلہ افزائی کریں گے کہ دوسروں کے تجربات اور نقطہ نظر کے بارے میں جاننے کے لئے اپنے آرام کے زون سے باہر نکلیں۔

ٹیرا ڈیٹا نسل پرست مخالف کمپنی ہے۔ مزید براں، ہم ایک ایسی نسل پرست مخالف کمپنی ہونے کے لئے پرعزم ہے جس میں کسی بھی ایسے نظام، قدر، برتاؤ یا انتظامی طریقہ کار کی شناخت کریں اور اس کو ختم کریں گے جو منظم نسل پرستی کو دوام بخشتا ہو۔ ایسا کرنے کے لئے، ہم پرعزم ہیں کہ:

- ایسے روایت کے فروغ میں فعال طور پر کردار ادا کریں گے جس میں نسل پرستی کو قبول نہ کیا جاتا ہو۔
- نسل امتیاز کے واقعات کو تسلیم اور ان کا مقابلہ کریں گے اور منفی طور پر متاثر ہونے والے ملازمین کے لئے معاونت فراہم کریں گے۔
- تنوع، مساوات اور شمولیت کے علاوہ نسل پرست مخالف برتاؤ اور طریقہ کار کے حوالے سے اپنی اجتماعی ذمہ داری کی اہمیت کے بارے میں جاننے کے جاری مواقع میں مشغول ہوں گے،

ایسے برتاؤ اور افعال کے بارے میں عزم ظاہر کر کے، ملکر ہم ایک ایسا ماحول بناتے ہیں جہاں ملازم امتیازی سلوک اور نسل پرستی سے محفوظ اور آزاد محسوس کریں۔

Teradata کسی بھی فیصلہ سازی میں بشمول روزگار سے متعلق فیصلے یا کاروباری شراکت دار کے انتخاب کے فیصلوں میں غیر قانونی طور پر امتیازی سلوک کی ممانعت کرتا ہے۔ ہم بھرتی کرتے ہیں، منتخب کرتے ہیں، کارکردگی پر مراعات دیتے ہیں، اور میرٹ کی بنیاد پر ترقی دیتے ہیں— محفوظ خصوصیات مثلاً نسل، رنگ، مذہب، قومی نژاد، جنس، عمر، معذوری، جنسی میلان، حمل، جنس کی شناخت، جنس کے اظہار، ازدواجی حیثیت، فوجی حیثیت، یا کسی بھی دوسرے غیر قانونی عنصر کی بنیاد پر کسی کے خلاف کبھی تعصب نہیں برتتے۔ ہم ایسے برتاؤ کو برداشت نہیں کرتے جس کے نتیجے میں ان پر یا دوسری تحفظ کردہ خصوصیات کی بنیاد پر امتیازی سلوک برتا جائے۔ ہم ایسے اطوار یا طریقہ کاروں کو ختم کرنے کے بارے میں بھی پرعزم ہیں جو بلا ارادہ یا غیر دانستہ امتیازی سلوک کی وجہ بنتے ہوں۔

آپس میں ایک دوسرے کے لئے احترام بھی کام کرنے کے ماحول کو ناجائز طور پر ہراساں کرنے یا دھونس جمانے کی تمام صورتوں سے پاک ہونے کا تقاضا کرتا ہے۔ ہراسگی تحفظ کردہ خصوصیات کی بنیاد پر کسی دوسرے شخص کی جانب غیر مطلوبہ یا نامناسب سلوک ہوتا ہے جب: (1) ایسے برتاؤ کے سامنے سر جھکانا ملازمت کی ایک واضح یا غیر واضح شرط بنائی جائے یا کسی ملازمت کے فیصلے کی بنیاد کے طور پر استعمال کیا جائے؛ یا (2) ایسا کردار اتنا شدید اور اصرار کے ساتھ ہو کہ وہ دھمکی آمیز معاندانہ یا جارحانہ کام کا ماحول پیدا کرے۔ ہراسگی جنسی یا غیر جنسی ہو سکتی ہے۔ جنسی طور پر ہراساں کرنے میں ناپسندیدہ جنسی پیش قدمیاں، جنسی عنایات کے لئے درخواستیں، یا دوسری جسمانی یا زبانی طرزِ عمل یا کسی جنسی نوعیت کا جائے کار کے برتاؤ شامل ہیں۔

اگرچہ دھونس جمانے کی کوئی قانونی تعریف نہیں ہے، تاہم اسے کسی شخص یا گروہ کی جانب سے ناپسندیدہ رویے کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے جو یا تو جارحانہ، دھمکی آمیز، بدنیتی پر مبنی یا توہین آمیز ہو یا طاقت کا بیجا یا غلط استعمال ہو، جو کسی کو کمزور بنائے، تذلیل کرے، یا اس کے لیے جسمانی یا جذباتی نقصان کا باعث ہو۔ دھونس جمانا رویے کا ایک باقاعدہ طرزعمل یا ایک واقعہ ہو سکتا ہے، آمنے سامنے، سوشل میڈیا پر، ای میلز یا کالز پر، کام پر یا کام سے متعلق دیگر حالات میں ہو سکتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ دوسروں کو یہ ہمیشہ واضح یا محسوس نہ ہو

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

ہراسگی اور دھونس جمانا خواہ کوئی بھی شکل اختیار کریں، یہ کسی شخص کے کام کی کارکردگی میں خلل پیدا کر سکتی ہیں یا اس کے ملازمت کے مواقع پر سنگین اثر ڈال سکتی ہے۔ Teradata ہراساں کرنے یا دھونس جمانے کو برداشت نہیں کرتی، قطع نظر اس کے کہ یہ کمپنی کے احاطے میں، کسی اور جگہ یا کام کے اوقات کے علاوہ ہونے والے مواقع جیسے چھٹی کی پارٹیاں، ٹیم بنانے کے مواقع، خوشی کی تقریبات، کاروباری کانفرنسز، یا کاروباری سفر، یا آیا یہ اندرونی مواصلاتی ٹولز یا اندرونی یا بیرونی سماجی میڈیا پلیٹ فارموں پر آن لائن واقع ہوئے ہوں۔

Teradata میں، جائے کار پر ہم ممکنہ امتیازی سلوک، ہراسگی اور دھونس جمانے کے حوالے سے رپورٹوں اور خدشات، بشمول نسل پرستانہ واقعات یا جنسی ہراسگی کو انتہائی سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ امتیازی سلوک، ہراسگی یا دھونس کا شکار ہو رہے ہیں، یا اگر آپ ایسی صورتحال کے بارے میں آگاہ ہوتے ہیں جو امتیازی سلوک، ہراسگی یا دھونس کے بارے میں ہماری پالیسیوں کی خلاف ورزی کرتی ہے، تو آپ کو ہمارے ضابطے میں بیان کردہ رپورٹ کرنے کے طریقے استعمال کرتے ہوئے فوری طور پر اس کی اطلاع دینی چاہیئے۔ وہ مینیجرز جو ممکنہ بدکرداری کی شکایات وصول کرتے ہیں، یا جو ممکنہ امتیازی سلوک، ہراسگی یا دھونس جمانے کا مشاہدہ کرتے ہیں، انہیں فوری طور پر شکایت یا ناروا سلوک کو Teradata کی لوگوں کی تنظیم یا Teradata کے اخلاقیات اور تعمیل کے دفتر کے کسی رکن کو بھیجنی چاہیئے تاکہ تفتیش اور مناسب اصلاحی کارروائی کی جا سکے۔ اس سے قبل کہ وہ مزید سنجیدہ مسائل بن جائیں، Teradata خدشات کو ابتداء ہی میں شناخت کرنے، تفتیش کرنے اور حل کرنے کے مواقع کا خیر مقدم کرتی ہے۔ Teradata ایسے کسی فرد کے خلاف جوابی کارروائی کی سخت ممانعت کرتی ہے، جسے وہ نیک نیتی سے امتیازی سلوک، ہراساں کرنے یا دھونس جمانے کی معقول فہم کی بنیاد پر رپورٹ کرتا ہے۔

جنسی یا دیگر ہراسگی کی سرخ جھنڈیاں

جائے کار سے تعلق رکھنے والے جارحانہ، نامناسب، نازیبا، یا ناپسندیدہ تبصرے، لطیفے یا تصاویر (جس میں کمپنی کے وسائل کے استعمال سے ای میل اور دیگر الیکٹرانک مراسلات میں استعمال کیا جانا شامل ہے) جو جنسی رویے، جنسی رغبت، جنسیت، جنسی میلان، جنسی تشخص، عمر، نسل، قومیت، مذہب، معذوری، حمل، یا قانون طور پر تحفظ فراہم کی گئی خصوصیات سے متعلقہ ہوں، ان کی ممانعت ہے۔

نسل پرستی کے لئے صفر برداشت

نسل پرستانہ لطیفہ سنانا، نسل پرستانہ لقب یا علامت استعمال کرنا، ایسے برتاؤ کا مظاہرہ کرنا جو کسی ایک نسلی گروہ کی دوسرے گروہ پر فوقیت کے تصور کی عکاسی کرتا ہو، نسل پرستانہ پروفائلنگ ایسے طرز عمل کی مثالیں ہیں جو Teradata کی جانب سے ممنوع ہیں۔

مفاد کے ٹکراؤ سے بچنا

ہم سب Teradata کو کامیاب بنانے کے لئے پرعزم ہیں۔ مفاد کا تنازعہ ہماری کامیابی میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔ جب ہمارے ذاتی، خاندانی، یا معاشی مفادات Teradata کے بہترین مفاد میں معروضی تجارتی فیصلے کرنے کی ہماری قابلیت میں دخل انداز ہوں (یا دخل اندازی کرتے ظاہر ہوں) تو تنازعہ پیدا ہو سکتا ہے۔ ہمیں اس طرح کی کسی بھی صورت حال سے اجتناب کرنا چاہیئے جہاں ہماری Teradata اور بیرونی مفاد کے درمیان وفاداری تقسیم ہوتی ہوئی نظر آئے۔

یہاں کچھ عام تنازعاتی صورت حال کی مثالیں ہیں۔ اگر آپ کوئی مفاد کے تنازعے کی کسی حقیقی یا ممکنہ صورت حال سے دوچار ہیں، تو اسے اپنے مینیجر کو فوراً بتائیں۔ جہاں ممکنہ تنازعہ کی صورت حال ہو سکتا ہے ضابطے کی خلاف ورزی نہ ہو، تنازعے کی اطلاع نہ دینا خلاف ورزی ہو سکتی ہے۔

خاندان اور دوستوں کے ساتھ کاروبار کرنا

مفاد کا ٹکراؤ ہو سکتا ہے اگر آپ (یا آپ کا/کی شریک حیات، رشتہ دار، یا نزدیکی دوست) کا ذاتی مفاد کسی کمپنی میں ہے جو Teradata کو خدمات فراہم کرتی یا کرنا چاہتی ہے، Teradata کا صارف یا ہونے والا صارف ہے، یا Teradata کے مدمقابل میں ہے۔ اگر آپ خود کو اس صورت حال میں پاتے ہیں، تو آپ کو چاہیئے کہ آپ اپنے عہدے کا استعمال انتخاب یا بولی لگانے کے عمل میں یا اس فریق کے ساتھ بات چیت کے عمل میں نہ کریں۔ اگر آپ براہ راست وینڈر کے انتخاب میں شامل ہیں، اور کسی وینڈر یا ممکنہ وینڈر کے ساتھ ممکنہ تنازعہ ہے، تو آپ کو مینیجر کو فوری طور پر اطلاع دینی چاہیئے اور خود کو فیصلہ لینے والی کارروائی سے ہٹا لینا چاہیئے۔ آپ کو سامان یا فراہم کردہ خدمات کے معیار کی جانچ میں بھی شامل نہیں ہونا چاہیئے اگر اس وینڈر کا انتخاب ہوا ہے جس سے آپ کا رشتہ ہے۔

اگر آپ کا کوئی دوست یا قریبی دوست مسابقتی کمپنی میں ملازم ہے، تو اپنے مینیجر کو بتائیں اور انہیں Teradata کی خفیہ جانکاری یا معلوماتی نظام تک رسائی دینے میں مزید احتیاط برتیں، اور ایسی چیزوں کے بارے میں بات کرنے سے اجتناب کریں جو مسابقت/بے اعتمادی کے قانون کی تعمیل اور اندرونی تجارتی ضابطے کے اصولوں اور پالیسی کے تحت ہیں۔

بیچنے والے کے نمائندے اور خریدنے والے کے نمائندے کے درمیان ایک رومانوی رشتہ بھی مفاد کے تنازعہ کے مسائل پیدا کرتا ہے جسے بتایا اور حل کیا جانا چاہیئے اس سے قبل کہ کوئی بھی لین دین بشمول ان کے آجر کے مکمل کی جائے۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

خاندان کے افراد کی ملازمت کے حوالے سے Teradata کی پالیسی (**کارپوریٹ مینجمینٹ پالیسی 201 ("CMP")**) عام طور پر ہمیں کسی ایسے فرد کو بھرتی کرنے، اس کی نگرانی کرنے، یا بصورت دیگر خاندان کے کسی رکن یا کسی ایسے فرد کی سرپرستی کرنے سے روکتی ہے جس سے ہمارا رومانوی رشتہ ہو۔ اگر آپ کو اس قسم کے کسی بھی تنازعہ کا علم ہے تو آپ کو فوری طور پر اپنے مینیجر اور Teradata کی عوامی تنظیم کے نمائندے کو اس سے مطلع کرنا چاہیے تا کہ دونوں ملوث لوگوں کے درمیان بھرتی، سپروائزری، اور/یا نگرانی کے سلسلے کو بدلا یا کسی اور طرح سے حل کیا جا سکے۔

بیرونی ملازمت اور سرمایہ کاریاں

Teradata سے باہر ملازمت کرنا یا Teradata کی مسابقتی کمپنی سے بڑا مفاد جڑا ہونا بھی Teradata ایسوسی ایٹ کے لیے مفاد کا ٹکراؤ پیدا کر سکتا ہے۔ اگر آپ Teradata کے کل وقتی ملازم ہیں، تو آپ کو کوئی ایسا غیر-Teradata کام نہیں کرنا چاہیئے جو Teradata میں آپ کی مناسب ملازمتی کارکردگی میں دخل انداز ہو۔ اس میں Teradata کے کام کے اوقات کے دوران بیرونی کام کرنا یا Teradata کے املاک، ساز و سامان، نیٹ ورک، معلومات، یا دیگر وسائل کا غیر Teradata کام کے لیے استعمال شامل ہے۔ اس کے علاوہ، فائدے کے لیے دوسروں کے بورڈ پر یا عوامی طور پر تجارتی کمپنی میں خدمت انجام دینا مفاد کے تنازعہ کے مسائل پیدا کر سکتا ہے۔ Teradata کے ایسوسی ایٹس کو اس طرح کے کردار کی تمام پیشکشیں اور ہمارے حریف اداروں میں بڑے حصص رکھنے کے حوالے سے سوالات مینیجر اور Teradata قانونی تنظیم کے روبرو ظاہر کرنے چاہیئیں۔ ہم عام طور پر ان صورت حال کو عام طور پر عہدے کی حدود، توقعات، تقاضوں اور حصص رکھنے کی متوقع حد کے بارے میں بتا کر حل کر سکتے ہیں۔

کارپوریٹ مواقع

کچھ معاملوں میں، Teradata میں آپ کے عہدے کے ذریعہ، آپ کسی خریداری یا سرمایہ کاری کے ایسے موقع سے واقف ہو سکتے ہیں جس میں Teradata دلچسپی رکھتا ہو۔ آپ کو اس موقع کے بارے میں فوری طور پر اپنے مینیجر کو بتانا چاہیئے تاکہ Teradata اس کا جائزہ لے۔ اگر Teradata اس موقع کے استعمال میں دلچسپی نہیں رکھتا، تو اس سے قبل کہ آپ اس میں شامل ہوں یا اسے دوسرے کے حوالے کریں، آپ کو اپنے مینیجر اور Teradata اخلاقیاتی و تعمیلی دفتر سے تحریری منظوری بھی حاصل کرنی چاہیئے۔

مفاد کے تنازعات سے نمٹنا

Teradata تسلیم کرتا ہے کہ مفادات کا تنازعہ کسی بدنیتی کے بغیر بھی پیدا ہو سکتا ہے، اور حالات میں ایسی تبدلیاں رونما ہو سکتی ہیں جس سے مفاد کا تنازعہ یا بظاہر مفاد کا تنازعہ پیدا ہو سکتا ہے جو پہلے سے موجود نہیں تھے۔

اس حوالے سے یاد رکھنے کی اہم بات یہ ہے کہ جیسے ہی آپ کو مفاد کے ممکنہ تنازعے کا علم ہو آپ کو اپنے مینیجر کو اطلاع دینی چاہیئے۔ Teradata لوگوں کی تنظیم کے ساتھ کام کرنے والا آپ کا مینیجر، قانونی تنظیم، اور/یا Teradata اخلاقیات اور تعمیل کا دفتر اس بات کا تعین کرے گا کہ اس کے حل کے لیے کیا کیا جانا چاہیئے، یا آپ کو یقین دہانی کے ساتھ منظوری دی جائے گی کہ آپ احتیاطی تدابیر پر مکمل عمل کریں گے تا کہ مفاد کا ممکنہ تنازعہ حقیقی نہ بن سکے۔

رہنمائی برائے مفاد کا تنازعہ

سوال: آپ کے چچا ایک کاروبار کے مالک ہیں اور وہ اسے چلاتے ہیں جو کچھ خاص خدمات فراہم کرتی ہے، اور آپ کو خبر ہے کہ Teradata اسی قسم کی خدمات کے ساتھ بازار میں ہے۔ کیا آپ Teradata کے ان لوگوں کو جو اس قسم کی سروسز حاصل کر رہے ہیں اپنے چچا کا حوالہ دیں گے؟

جواب: ہاں، لیکن، مفاد کے تنازعے کی ہماری پالیسی کے تحت، آپ کو حوالہ دیتے وقت اپنا رشتہ واضح کرنا چاہیئے۔ نیز، آپ کو سروس کے فراہم کنندہ کے انتخاب کی فیصلہ سازی؛ مذاکرات؛ اطلاق؛ یا نظم کے عمل میں شامل نہیں ہونا چاہیئے، یا اگر وہ خدمت آپ کے چچا کی کمپنی سے حاصل کی جاتی ہے تو آپ اس کے نظم میں؛ یا سروس کے معیار کے تجزیہ میں؛ یا چچا کی کمپنی کی ادائیگیوں کی منظوری میں شامل نہ ہوں۔ انکشاف، شفافیت، اور متعلقہ فیصلہ سازی، انتظام، اور ادائیگی کے چینلز سے اپنے آپ کو دور رکھنا ان حالات کے تحت خود کو محفوظ رکھنے کے اہم نکات ہیں۔

جائے کار کا تحفظ اور صحت

Teradata ہر ایسوسی ایٹ اور کاروباری شراکت دار کو ایک محفوظ اور صحت مند کام کا ماحول فراہم کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ صحت، حفاظت، اور ماحولیات کے تحفظ کے لیے مناسب احتیاط اٹھائے بغیر ہم کوئی کام انجام نہیں دیتے۔ اس کا اطلاق دفتر اور کام کرنے کے ورچوئل مقامات پر ہوتا ہے۔

Teradata منشیات سے آزاد جائے کار کے لیے بھی پُر عزم ہے۔ جس کا مطلب ہے کہ ہم میں سے ہر ایک کام کرتے وقت منشیات اور شراب کے اثر سے پاک ہو گا۔ غیر قانونی منشیات کا استعمال، اسے رکھنا، اس کی تقسیم یا فروخت، یا نامناسب استعمال یا طبی طور پر تجویز کردہ یا غیر قانونی نشہ آور دوا کا استعمال، کمپنی کے احاطے میں یا کمپنی کے کام کے دوران سختی سے منع ہے۔ الکحل کا استعمال مینجمینٹ کی منظور شدہ اور کمپنی کی اسپانسر کردہ کچھ مخصوص تقریبات میں کیا جا سکتا ہے، لیکن صرف تقریب کی ہدایات کے مطابق، اور صرف تب جب استعمال کرنے والا ایسوسی

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

ایٹ اپنی شراب نوشی سے منسلک اپنے عمل اور کردار کے لئے مکمل ذمہ داری اور جوابدہی قبول کرتا ہے اور قانونی طور پر معذور ہونے کی صورت میں موٹر گاڑی نہیں چلاتا۔

جائے کار پر ہماری منشیات اور شراب کی پالیسی کی خلاف ورزیاں برداشت نہیں کی جائیں گی۔ ان ایسوسی ایٹس کی مدد کے لیے Teradata میں ایسوسی ایٹ معاونتی پروگرامز ہیں جنہیں منشیات یا شراب کی لت لگی ہو۔ متاثرہ ایسوسی ایٹس کی ان پروگرامز کے استعمال کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ ان خدمات کے حوالے سے معلومات Teradata معاونتی پروگرام برائے ملازمین کے ذریعہ دستیاب ہیں۔

Teradata کے ایسوسی ایٹس سے توقع کی جاتی ہے کہ ایک دوسرے کے لیے احترام اور عزت کا مظاہرہ کریں۔ Teradata تشدد کی کارروائی یا تشدد کی دھمکی برداشت نہیں کرے گا۔ اگر آپ جائے کار پر حقیقی یا دھمکی آمیز تشدد دیکھتے ہیں، تو آپ کو فوری طور پر اپنے مینیجر، فیسلیٹیز مینیجر، یا لوگوں کی تنظیم کے نمائندے کو اطلاع دینی چاہیئے۔

کمپنی کی املاک کا استعمال

Teradata اثاثے—اس کی معلومات، سہولیات، سازوسامان، نیٹ ورکس، اموادِ، جائیداد، ٹیکنالوجی، اور ساکھ—جسے ہماری پوری ٹیم کی محنت، کامیابی، اور لگن کے ذریعے حاصل کیا گیا ہے۔ ہم سب Teradata کی مسلسل کامیابی میں دلچسپی رکھتے ہیں، اور اس کامیابی کے ہم سب جوابدہ ہیں۔ ہم پر لازم ہے کہ چوری، ٹوٹ پھوٹ، نقصان، اور غلط استعمال سے اپنے اثاثوں اور متعلقہ ڈیٹا اور ذاتی معلومات کی حفاظت کریں، اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ یہ صرف Teradata اور Teradata کے منظور شدہ مقاصد کے لئے استعمال کئے جائیں۔

Teradata مانتا ہے کہ ہمارے ایسوسی ایٹس Teradata کے کچھ اثاثوں کا محدود ذاتی استعمال کر سکتے ہیں۔ لیکن ذاتی مقاصد کے لئے Teradata کے وقت، اثاثوں، یا وسائل کا باقاعدہ یا وسیع استعمال ممنوع ہے۔ ذاتی یا غیر Teradata منظور شدہ گروہ یا رفاہی مقاصد میں Teradata وسائل کا کم سے کم کے علاوہ کے استعمال کے لئے لازم ہے کہ اپنے مینیجر سے پیشگی منظوری لے لیں۔

اگر آپ کو اس بارے میں شک ہے کہ کیا Teradata اثاثوں کی مقدار، قسم، مواد کا ذاتی استعمال کرنا مناسب ہے یا نہیں، تو برائے مہربانی اپنے مینیجر سے مشورہ کر لیں، پیشگی اجازت حاصل کر لیں، اور آپ اس طرح کے مقاصد کے لئے Teradata اثاثوں کے استعمال سے گریز کریں جب تک کہ آپ کو اجازت حاصل نہیں ہو جاتی۔

Teradata ضابطہ کاروبار کے استعمال اور Teradata اثاثوں کے منظور شدہ ذاتی استعمال دونوں پر لاگو ہوتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو کسی بھی وقت اور کسی بھی چیز کے لئے Teradata کے اثاثوں کا استعمال نہیں کرنا چاہیئے جس سے ضابطے یا ہماری پالیسیوں کی خلاف ورزی ہوتی ہے، مثلاً رسائی حاصل کرنے، دیکھنے، ذخیرہ کرنے، یا فحش مواد بھیجنے کے لئے؛ امتیازی سلوک، ہراساں کرنے، دھونس جمانے، جوابی کارروائی کی سرگرمیوں میں مشغول ہونے، یا تشدد کی دھمکی دینے؛ غیر قانونی جوا کھیلنے، جسم فروشی، یا کسی بھی طرح کی غیر قانونی سرگرمیاں کرنے کے لئے۔ خلاف ورزیوں کا ارتکاب کرنے والوں کے خلاف تادیبی کاروائی ہو گی، جس میں ملازمت سے برطرفی بھی شامل ہے۔

عوام تک رسائی کرنا

Teradata انتہائی مسابقت والی مارکیٹ میں کام کرتی ہے۔ ہمارے صارفین کی ضروریات کو پورا کرنے اور مسابقت کی دوڑ میں ہمارے آگے بڑھتے رہنے کے لئے ہم پر ہماری مصنوعات اور خدمات کو مسلسل جدید اور بہتر بنانا لازم ہے۔ یکساں اہمیت کی حامل، ہمیں اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ ہم اپنے آپ کو اعلیٰ اخلاق کا پابند رکھے ہوئے ہیں اور عوام کے ساتھ ہمارے معاملات میں معتبریت اور سچائی ہو جو ہمارے برانڈ اور ہمارے اصولوں کو برقرار رکھنے کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔

درست ریکارڈز رکھنا

Teradata کے کھاتے اور ریکارڈز کو مکمل اور درست رکھنے کو یقینی بنانے کے لیے ہم سب ذمہ دار ہیں۔ ہمارے تمام مالی اندراجات اور ریکارڈز، بشمول آمدورفت، تفریح اور تحائف کے اخراجات کی باز ادائیگی کی درخواستیں اور ادائیگیاں اور حصولیابی، کنٹریکٹر اور ذیلی کنٹریکٹر کے خریداری کے آرڈرز، کنٹریکٹ اسٹیٹمنٹ آف ورک، اندراج اور ادائیگیوں، اور پراجیکٹ کی مالیات اور رپورٹنگ کا واضح اور درست طور پر صحیح نوعیت، مقدار، متعلقہ اصل تواریخ، متعلقہ فریقین، اور اخراجات/ٹرانزیکشن یا پراجیکٹ، جیسی بھی صورت ہو، کے مقصد کی عکاسی کرنا لازمی ہے۔

اس کا مطلب ہے کہ ہم رشوت، کمیشن، سفر، تفریح، تحائف، احسانات، ذاتی اشیاء، ان وائس ادائیگیاں، رعایتوں، ری بیٹس، حصولیابی، کنٹریکٹرز، ذیلی کنٹریکٹرز، کنٹریکٹس، ورک آرڈرز یا کسی دوسرے غیر مناسب مقصد کے لئے کوئی کھاتہ (سلش فنڈز)، بغیر ریکارڈ کے پیسے کا بھاؤ، یا غیر مجاز اثاثہ جات/اکاؤنٹس قائم یا استعمال نہیں کر سکتے۔ آپ پر لازم ہے کہ آپ اخراجات کی رپورٹوں، خریداری کے آرڈرز، انوائسز یا پراجیکٹ رپورٹنگ طریقے/ٹولز یا دوسری Teradata دستاویزات میں اور ریکارڈ میں غلط یا فرضی اندراجات نہ کریں۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

ہمارے کاروبار کے لئے بہترین اور سب سے موثر فیصلے کرنے کے لئے ہم کو درست معلومات کی ضرورت ہوتی ہے۔ اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لئے اور صارفین، ایسوسی ایٹس، کاروباری شراکت داروں، شیئر ہولڈرز، اور سرکاری عہدے داروں کو جواب دہی کرنے کے لئے، ہم پر لازم ہے کہ ہم تمام کاروباری لین دین کا مکمل، منصفانہ، درست اور پابندی وقت سے مکمل دستاویزات کے ریکارڈز رکھیں۔ اپنی مالی، قانونی اور رپورٹنگ کی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لئے Teradata کے لئے درست ریکارڈ انتہائی لازمی ہیں۔

Teradata کے تمام ایسوسی ایٹس کے لئے ضروری ہے کہ وہ یقینی بنائیں کہ Teradata کی دستاویزات اور ریکارڈز درست ہیں۔ ہمارے لئے ضروری ہے کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ تمام رپورٹس جو ہم بناتے ہیں—بشمول کام کے اوقات کو ریکارڈ کرنا، ہونے والے کاروباری اخراجات، اور کاروبار سے متعلق تمام سرگرمیاں—اور تمام رسیدیں اور دوسرے امدادی دستاویزات، اور معلومات جھوٹی، دھوکا دینے والی، یا کسی بھی طریقے سے جعلی نہ ہوں۔ وقت پر اور درست طریقے سے رپورٹس کو ریکارڈ کرنا اور داخل کرنا آپ پر لازم ہے۔ اگر، متعلقہ Teradata پالیسیوں کو جانچنے کے بعد، آپ غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہیں کہ کوئی مخصوص خرچ قانونی طور پر کاروباری باز ادائیگی/قابل ادائیگی خرچ ہے یا نہیں یا ہماری پالیسیوں کے ذریعے اس کی اجازت ہے یا نہیں، تو ضروری ہے کہ آپ کے ذریعے کسی بھی قسم کا اقدام کرنے سے پہلے اور اس کے لئے باز ادائیگی/ادائیگی کا دعویٰ پیش کرنے سے پہلے آپ اپنے منیجر یا کمپنی میں اس معاملے کے ماہر سے گفتگو کر لیں۔ ایسوسی ایٹس جواب دہ ہوتے ہیں اور غلط رپورٹ یا باز ادائیگی/ادائیگی کا غلط دعویٰ پیش کرنے کے لئے سزا کے حق دار ہوں گے۔

ہم پر لازم ہے کہ کسی لین دین یا ادائیگی کا اندراج یا عمل بشمول آرڈر قبول کرنے کی ذمہ داری اور پیسوں کی لین دین کی ذمہ داری بغیر کسی مکمل اور درست متعلقہ دستاویزات کے نہیں کریں گے۔ دستاویزات، ریکارڈز، آرڈرز، کنٹریکٹس، رضامندیاں، انوائسز، قبولیت، یا وصولی سے متعلق استعمال ہونے والی کسی بھی دستاویز میں ہیر پھیر، جعلی دستاویز یا ان میں پرانی تاریخ ڈالنا یا کوئی اور غیر مناسب اکاؤنٹنگ طریقہ کار ہمیشہ غلط ہوتا ہے اور اس کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ہر ایک کے لئے لازم ہے کہ سرمائے کے نگراں عملے، ریونیو وصول کرنے والے نگراں عملے، اور اندرونی اور بیرونی آڈیٹرز کے ساتھ کمپنی کی دستاویزات اور ریکارڈز کی درستگی کی جانچ کرنے کی کوششوں میں اور اکاؤنٹنگ اور قانونی ضروریات کی تعمیل میں پورا تعاون کرے۔ تعاون سے انکار، گمراہ کن معلومات کی پیشکش، یا کسی تفتیش، نظر ثانی، یا آڈٹ میں کسی طرح کی دخل اندازی سزا کی موجب ہو گی۔

ادارے کے ریکارڈ کو ان کے بنائے جانے کے بعد درست طریقے سے برقرار رکھنا بھی بہت ضروری ہوتا ہے۔ Teradata نے ایک ریکارڈ رکھنے کی پالیسی (**کارپوریٹ سرمایہ کاری اور اکاؤنٹنگ کی پالیسی111 (CFAP)**) کو اپنایا ہے جس میں وضاحت کی گئی ہے کہ مطلوبہ مدت تک ریکارڈ کو کیسے رکھا جائے اور ضرورت ختم ہونے پر اس کو کیسے تلف کیا جائے۔ کن ریکارڈز کو بہ حفاظت رکھنے کی ضرورت ہے یا کتنی مدت تک رکھنا ہے کے بارے میں اگر آپ کو شک ہے تو ہماری ریکارڈ رکھنے کی پالیسی کا مطالعہ کر لیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اپنے شعبے کے لئے ریکارڈ رکھنے کے شیڈول یا آپ کے کاموں سے متعلق دستاویزات کی اقسام کی پیروی کریں۔

یہ بھی ذہن میں رکھیں کہ جائز یا دھمکی آمیز قانونی کارروائیوں یا حکومتی تفتیشات کی صورت میں، مخصوص دستاویزات اور ریکارڈز پر قانونی پابندیاں لاگو ہو سکتی ہیں۔ اگر ہم متعلقہ دستاویزات یا ریکارڈز حاصل نہیں کرتے ہیں یا ان کو پیش نہیں کر پاتے ہیں تو قانونی کارروائی میں Teradata کی حیثیت خطرے میں ہو گی۔ ان صورتوں میں، Teradata کی قانونی تنظیم آپ سے رابطہ قائم کرے گی۔ اگر آپ پر یا دستاویزات یا ریکارڈز جو آپ کے قبضے یا کنڑول میں ہیں پر کوئی قانونی پابندی لاگو ہوتی ہے، تو قانونی پابندیوں کی ہدایت کے مطابق تمام متعلقہ ریکارڈز کو بہ حفاظت رکھنا آپ پر لازم ہو گا۔

دھوکہ دہی کی سرخ جھنڈیاں

کوئی شخص بغیر کسی جائز کاروباری مقصد کے دفتری اوقات کے بعد دفتر میں ہے۔

وہ شخص بغیر کسی واضح جائز کاروباری جواز کے یا کمپنی کے وہ ریکارڈز جو کام کی اس کی ذمہ داریوں سے متعلق نہیں ہیں احتیاط کے ساتھ کمپنی کے ان ریکارڈز تک رسائی حاصل کر رہا ہے/نقل کر رہا ہے۔

کسی شخص کا طرز زندگی عکاسی کرتا ہے کہ وہ اپنی استطاعت سے زیادہ خرچ کر رہا ہے۔

اس شخص میں ذاتی استحکام کا فقدان ہے؛ اس شخص کو گھر کی زندگی یا کاروباری زندگی میں ایک جذباتی صدمے کا سامنا ہے؛ اس شخص سے خاندان، کمپنی، کمیونٹی، مالی، یا طرز زندگی کی غیر واجب/نامناسب توقعات کی جاتی ہیں۔

وہ شخص مسلسل نظام کو مات دینے کی کوشش کرتا ہے، طریقہ کار سے سمجھوتہ کرتا ہے یا اس کے ساتھ چھیڑخانی کرتا ہے، یا اپنے دائرہ اختیار سے تجاوز کرتا ہے۔

ایک غیر ضروری ثالث/کنٹریکٹر استعمال کیا جاتا ہے؛ ایک نااہل یا مکمل طور پر جانچ نہ کیا گیا ثالث/کنٹریکٹر استعمال کیا جاتا ہے؛ کسی ایسوسی ایٹ کے کسی ثالث یا کنٹریکٹر کے ساتھ غیر افشاء کردہ ذاتی تعلق یا بندوبست ہے۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

انوائسز، خریداری کے آرڈرز یا ورک اسٹیٹمنٹس پر تفصیلات یا تاریخیں اصل میں ملوث/فراہم کی گئی اشیاء/تاریخوں سے میل نہیں کھاتیں؛ لین دین کے سیٹ کے لئے انوائسز یا خریداری کے آرڈرز کو متعدد انوائسز یا خریداری کے آرڈرز میں تقسیم کیا گیا ہے تاکہ بصورت دیگر مطلوبہ اعلیٰ سطح کی منظوریوں سے بچا جا سکے۔

پیشگی منظوری کے بغیر Teradata کی معلومات/اثاثہ جات/ڈیٹا کو ذاتی ای میل اکاؤنٹس میں منتقل کرنا؛ Teradata ای میل اکاؤنٹس کے بجائے ذاتی ای میل کا استعمال کرنا۔

سماجی پیغام رسانی، آئی ٹی اور نیٹ ورک سسٹمز

سوشل نیٹ ورکنگ اور انٹرنیٹ کلیدی کاروباری ٹولز ہیں۔ جائے کار پر انٹرنیٹ اور سوشل نیٹ ورکس کا استعمال، یا کمپنی کی ٹیکنالوجی کا استعمال ضابطے، ہمارے بنیادی اصولوں اور کمپنی کی پالیسیوں کے مطابق ہونا چاہیئے۔ ہو سکتا ہے کہ ہم Teradata انفارمیشن ٹیکنالوجیز (آلات، سافٹ ویئر، یا نیٹ ورکنگ کے وسائل)، یا صارف کی یا کاروباری شراکت دار کی انفارمیشن ٹیکنالوجی کو جارحانہ، جنسی تجویزی، امتیازی، ہراساں کرنے والی، فحش نگاری، غیر قانونی یا دیگر غیر مناسب ڈیٹا یا معلومات جمع کرنے کے لیے یا بانٹنے کے لیے کام کے اوقات میں یا بعد میں استعمال نہ کریں۔

آپ سوشل میڈیا پر اپنا جو طرز عمل اپناتے ہیں اس سے نہ صرف آپ کی عکاسی ہوتی ہے — بلکہ اس سے Teradata کی بھی ایک عکاسی ہو سکتی ہے۔ صرف محدود تعداد میں لوگ ہی کمپنی کی جانب سے بات کرنے کے مجاز ہیں۔ Teradata کے حق میں بات کرنے کے لیے اپنے اختیار کی حد سے تجاوز نہ کریں۔ ای میل پیغامات، ٹیکسٹ پیغامات، انسٹنٹ پیغامات، بلاگ تبصرے، twitter پیغامات، سوشل نیٹ ورکنگ سائٹ کمیونی کیشنز، اور صوتی میل کے پیغامات، آسانی سے آگے بڑھانے والے، سراغ کے قابل، اور قابل بحالی مواصلات کے ریکارڈ پیدا کرتے ہیں۔ Teradata آئی ٹی نظام پر یا اس کے ذریعے کئے جانے والے تمام پیغامات، ڈیوائسز یا نیٹ ورکس، یا وہ جو Teradata سے متعلق ہیں اسی احتیاط سے استعمال کی جانی چاہیئں جیسی ہم کمپنی کے لیٹر ہیڈ پر خط تحریر کرتے وقت برتیں گے۔

آپ کو فرض کرنا چاہیئے کہ جو کچھ آپ ای میل، انسٹنٹ پیغامات، ٹیکسٹ پیغامات، اور سوشل نیٹ ورکنگ کی دیگر اقسام میں کہتے ہیں دوسروں کے ذریعے دیکھا جائے گا اور بیرونی اور اندرونی تحقیقات سے مشروط یا قانونی طور پر ضروری انکشافات سے مشروط ہو سکتا ہے۔ ذہن میں رکھنے والی ایک سرسری بات یہ ہے اور جو مواصلات اور دستاویزات کے مواد کے لئے لاگو ہوتی ہیں کہ ان وسائل کا استعمال کرتے ہوے یا جن میں Teradata شامل ہے یا اس سے متعلق ہے وہ "اخباری قاعدہ" ہے: اگر آپ کی پیغام رسانی دوسروں کے پڑھنے کے لئے کسی اور سیاق کے بغیر اخبار کے پہلے صفحے پر ظاہر ہوئی ہے، کیا اس کو Teradata کے بنیادی اصولوں اور ضابطے کے ساتھ ہم آہنگ تصور کیا جائے گا؟ اگر نہیں تو پھر اس کا استعمال، اسے بھیجنا یا پوسٹ کرنا منسوخ کر دیں۔

سکیورٹی، سالمیت، اور ہمارے انفارمیشن ٹیکنالوجیز کے کاروباری مقاصد، برقرار رکھنے اور قوانین، ضوابط، حفاظتی ذمہ داریوں اور معاہدے کے فرائض کی تعمیل کے لئے، ہم تمام لوگوں کے لئے ضروری ہے کہ پاس ورڈز اور شناختی کوڈز کی حفاظت کے لئے مناسب عمل کریں تا کہ Teradata، صارف، اور کاروباری شراکت دار کے انفارمیشن سسٹم تک ناجائز رسائی کو روکا جائے۔

Teradata آپ کی جانب سے Teradata کے سسٹمز اور وسائل کے استعمال اور کسی بھی پیغامات یا دستاویزات کے مواد کی نگرانی کا حق محفوظ رکھتی ہے جو اس کے سسٹم سے منتقل یا ذخیرہ کیے گئے ہیں۔ اس میں وہ معلومات بھی شامل ہیں جو استعمال کرنے والے کے ذریعے حذف کر دی گی ہیں یا Teradata نیٹ ورک سے بھیجی گی ہیں۔ جب آپ Teradata، صارف، یا کاروباری شراکت دار کے کمپیوٹر یا نیٹ ورک پر ای میل، انٹرنیٹ، یا الیکٹرانک اسٹوریج یا مواصلات کی دیگر اقسام کا استعمال کر رہے ہوں، تو آپ کو رازداری (قابل اطلاق قوانین کے ذریعے مطلوب ہونے کے علاوہ) کی توقع نہیں کرنی چاہیئے۔ Teradata توقع رکھتا ہے اور ہم سب سے ہر شرائط اور حدود کا احترام کرنے کا تقاضا کرتا ہے جو Teradata وسائل، اور اس کے صارفین، اور کاروباری شراکت داروں کے وسائل کے استعمال کرنے پر لاگو ہوتی ہیں۔

سوشل میڈیا یا ملازم کی معلومات کی رازداری سے متعلق کسی طرح کی بھی پابندیاں اس ارادے سے نہیں ہیں یا اس کی تشریح اس طرح نہیں کی جانی چاہیئے کہ وہ کسی ملازم کی قانونی طور پر محفوظ اجتماعی سرگرمی میں جڑے رہنے کے حق کو کم کرتی ہیں۔

داخلی تجارت

ہمارے پاس Teradata اور ان کمپنیوں، جن کے ساتھ ہم کاروبار کر رہے ہیں یا کاروبار کرنے کے لئے تجویز کر سکتے ہیں، کے بارے میں باقاعدگی سے معلومات تک رسائی ہوتی ہیں جو دوسروں کے پاس نہیں ہو سکتی ہیں۔ ان معلومات میں غیر عوامی معلومات شامل ہو سکتی ہیں جو کسی سرمایہ کار پر کمپنی کی سکیورٹیز (بشمول Teradata کے اسٹاکس اور اختیارات، یا دوسری شامل کمپنی) کی خرید، فروخت یا دوسری صورت میں تجارت کرنے کے لئے اثر انداز ہو سکتی ہے- جیسے حصولیابی، حق یا جائیداد سے محرومی، انتظامی تبدیلیوں، یا مالی نتائج یا تخمینے کے بارے میں غیرعوامی معلومات۔

داخلی تجارت سکیورٹیزکی خرید، فروخت یا دوسری صورت میں تجارت کرنے کا غیر قانونی عمل ہے جبکہ غیر عوامی معلومات کا مواد کسی کے قبضے میں ہو، جو Teradata، یا اس کے صارفین، اس کے کاروباری شراکت داروں یا دوسرے جن سے Teradata کا کاروباری تعلق ہے یا ان سے

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

کاروباری تعلق کا ارادہ ہے کے متعلق ہیں۔ داخلی تجارت ہمارے ضابطے یعنی Teradata کی انسائڈر ٹریڈنگ پالیسی (کارپوریٹ مینجمینٹ پالیسیز **CMP 922** اور **CMP 922Q** ملاحظہ کریں)۔ ریاستی اور وفاقی سکیورٹیز کے قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے، اور ملوث افراد کی ملازمت کے فوری خاتمے اور ممکنہ فوجداری کارروائی کا باعث بن سکتی ہے۔

ان ہی نتائج کے ساتھ "ٹپ دینا" بھی ہماری پالیسیوں، ضابطے، اور سکیورٹیز کے قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ ٹپنگ رونما ہوتی ہے جب آپ کسی دوسرے کوغیر عوامی معلومات کا مواد مہیا کرتے ہیں، خواہ بے ساختگی میں، اور وہ شخص معلومات پر عمل کرتا ہے، یا سکیورٹیزکی خرید، فروخت یا دوسری صورت میں تجارت کرنے کے عمل کے لئے دوسرو ں کو رائے دیتا ہے۔ ہم میں سے ہر کسی کو Teradata کے بارے میں، یا اس کے صارفین، اس کے کاروباری شراکت داروں، یا دوسرے جن سے Teradata کا کاروباری تعلق ہے یا ان سے کاروباری تعلق کا ارادہ ہے، کے بارے میں اپنے اہل خانہ، دوستوں، یا کسی دیگر فریقین ثالث سے غیرعوامی معلومات کو آشکار کرنے کے بارے میں ہوشیار رہنا چاہیئے۔

Teradata انسائڈر ٹریڈنگ کی پالیسی کے تحت، کچھ ایسوسی ایٹس کو پابند انسائڈرز مانا جائے گا اور خود بخود کچھ مدت کے لئے ان پرٹریڈنگ کی "پابندی" لگ جائے گی۔ اندرونی معلومات رکھتے ہوئے یا پابند انسائڈر کا کردار ادا کرتے ہوئے اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں یا سکیوریٹیز میں ٹریڈنگ کے بارے میں خدشات ہیں، تو Teradata انسائڈر ٹریڈنگ کی پالیسی سے رجوع کریں اور اگر پھر بھی شبہ ہو تو خود ٹریڈ کرنے سے پہلے مزید رہنمائی کے لیے قانونی تنظیم سے رجوع کریں۔

کمپنی کی بیرونی کمیونیکیشنز

اپنی ساکھ کو مؤثر انداز میں منظم اور محفوظ رکھنے کو یقینی بنانے میں مدد کے لئے، ذرائع ابلاغ کے اداروں کے ساتھ تمام کمیونیکیشنز جن میں Teradata شامل ہے اور اس سے متعلق ہے Teradata پبلک ریلیشنز/مواصلاتی تنظیم کے ذریعے انجام دی جانی چاہیئں۔ اسی طرح احکامِ عدالت اور سرکاری استفسارات کے تمام جوابات کے لئے اور معائنے کی درخواستوں کو Teradata قانونی تنظیم کی جانب سے انجام دیا جانا چاہیئے۔ تمام کاروباری اور مالی نتائج کی اشاعت صرف اس وقت کرنی چاہیئے جس وقت اور جس طرح Teradata پالیسیوں (**CMP 110** دیکھیں) کے تحت اور Teradata انکشافات کمیٹی کے ذریعے منظور کیے جائیں۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے میں ہماری مدد کرتا کہ معلومات جو ہم بہم پہنچاتے ہیں یا فراہم کرتے ہیں وہ تسلسل کے ساتھ، درست، اور Teradata پالیسیوں اور انکشاف کے قوانین، ضوابط، اور قانونی تقاضوں کے تحت ہوتی ہیں۔

سیاسی اور خیراتی سرگرمیاں

Teradata ایسوسی ایٹس کی اپنی پسند کی کمیونٹی اور سیاسی سرگرمیوں میں شمولیت کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ تاہم کوئی بھی سیاسی کام آپ اپنے وقت میں، اپنے ذاتی وسائل کے استعمال سے کریں گے، اور اسے کمپنی کی جانب سے یا کمپنی کے ساتھ منسلک نہیں مانا جائے گا جب تک — پہلے ہی اس کی منظوری — Teradata کی قانونی تنظیم سے نہ لی گئی ہو۔

کارپوریشنز کے ذریعہ سیاسی شراکت اور سیاسی سرگرمیوں کے حوالے سے بہت سی جگہوں پر جہاں Teradata کا کاروبار ہے قوانین اور ضوابط مختلف ہیں اور نہایت پیچیدہ ہو سکتے ہیں۔ عام اصول کے طور پر ہم Teradata کی قانونی تنظیم کی تحریری اجازت کے بغیر کچھ ایسا نہیں کر سکتے جس سے یہ ظاہر ہو کہ Teradata کسی امیدوار، سیاسی جماعت، یا سیاسی کاوش کی انتخابات میں مدد کر رہی ہے۔ پھر بھی، سیاسی سرگرمیوں کی اجازت کی سطح کا تعین Teradata کی کارپوریٹ سیاسی سرگرمی کی پالیسی (**CMP 926** دیکھیں) اور بیرونی - سیاسی سرگرمی کا سامنا کرنے کی پالیسی کا بیانیہ کریں گے جو **https://www.teradata.com/About-Us/Corporate-Governance/Political-Activity-Policy-Statement** پر موجود ہیں۔

ایک کمپنی کے طور پر، ہم نے ایسے اقدامات اور پالیسیوں کو اپنایا ہے کہ ہم جن کمیونٹیز میں کام کرتے ہیں ان میں امداد اور تعاون کرتے ہیں۔ ہماری کمپنی میں ایسا پروگرام ,Teradata کیئرز، بھی ہے جو، دیگر چیزوں کے ساتھ، کمپنی کی جانب سے ادائیگی کردہ وقت میں ہم سے ہر ایک کو فلاحی/سماجی رضاکارانہ خدمات انجام دینے کی پیشکش اور حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ اس طرح کے مقاصد کے لیے Teradata کے وسائل کے استعمال کا نظم ہونا چاہیئے، اس کا اطلاق ہونا چاہیئے، اور اسے ترجیح دینی چاہیئے۔ یہ ہمیں بھٹکنے سے روکتا ہے اور تنازعات سے اجتناب میں معاون ہے۔ اگر آپ کو شک ہے کہ آیا کسی خیراتی یا کمیونٹی مقصد کے لئے کمپنی کے وسائل یا کمپنی کے کام کے وقت کے استعمال کی اجازت یا ایسا کرنا موزوں ہے، تو براہ کرم اس کے بارے میں اپنے مینیجر اور/یا لوگوں کی تنظیم کے نمائندے کے ساتھ پیشگی تبادلہ خیال کریں اور ان کی رہنمائی کی پیروی کریں۔

ہمارے وعدوں کی تکریم

Teradata پُرخلوص افراد کی ایک عالمی ٹیم ہے۔ ہم نے اپنے صارفین کے کاروبار اور شراکت داری اپنے شعبے میں سب سے بہتر ہونے کی ہماری لگن سے حاصل کی ہیں۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

ہماری ساکھ کی حفاظت کے لئے، ہم پر ان کمیونٹیز کے قوانین کی اطاعت کرنا لازمی ہے جس میں ہم کام کرتے ہیں، اور ان کمیونٹیز کی رسم اور روایات کا احترام کرنا چاہیئے۔ اس کے ساتھ ساتھ، اپنے ضابطہ یا پالیسیوں کی خلاف ورزی ہو اس طرح کے کسی بھی طرز عمل میں ہمیں مشغول نہیں ہونا چاہیئے—خواہ مقامی قوانین اس طرز عمل کی اجازت دیتے ہوں۔

رشوت خوری اور بدعنوانی کے لئے صفر برداشت

ہم بدعنوانی اور دیگر غلطی سے پاک کاروبار کرتے ہیں۔ Teradata اور اس کے تمام لوگ اور ٹیمیں دنیا میں ہر جگہ بدعنوانی، رشوت ستانی اور منی لانڈرنگ کے خلاف قوانین کے دائرے میں آتے ہیں، بشمول امریکی فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ ((FCPA، برطانوی رشوت ستانی کا ایکٹ، چین کے انسداد رشوت ستانی کے قوانین، اور دیگر قابل اطلاق قوانین اور دیگر عالمی تقاضے۔ ان قوانین اور Teradata کی پالیسی کے تحت، ہمیں کسی کو بھی رشوت کی کسی بھی شکل میں پیشکش نہیں کرنی ہے، دینا، حاصل کرنا یا لینا نہیں ہے، نہ ہی ہم کسی فریق ثالث ایجنٹ کو اپنی طرف سے ایسا کرنے کو کہتے ہیں۔

رشوت کا مطلب ہے کہ کسی غیر مناسب کاروباری فائدے کے لئے کسی کو کسی بھی قیمت کی کوئی چیز دینا، پیشکش کرنا یا اس کا وعدہ کرنا ہے۔ رشوت کا نقدی کی صورت میں ہونا ضروری نہیں ہے۔ نا مناسب تحائف، تفریح، یا کوئی جائیداد خریدنے یا خدمات کے لیے زیادہ قیمت دینا بھی رشوت سمجھی جاتی ہے۔ کک بیک کاروباری انتظامات یا اس کو فروغ دینے کے لئے انعام کی طرح پہلے سے کی گئی یا کی جانے والی ادائیگی کے بدلے دیا جاتا ہے۔

FCPA اوردیگرانسداد بدعنوانی اور انسداد-رشوت ستانی قوانین شدید ہیں، جس میں ادائیگی کرنے یا لینے والے افراد اور ساتھیوں پر جرمانہ، اور ممکنہ قید کی سزا شامل ہے۔ جبکہ FCPA خاص طور پر غیر امریکی حکومتی اہلکاروں کے ساتھ معاملات پر لاگو ہوتا ہے، Teradata تمام کاروباری معاملات میں رشوت کی ممانعت کرتا ہے۔ رشوت کے خلاف وہ ہی قواعد ہیں جو امریکی اور غیر ملکی حکومتی عہدیداروں کے ساتھ سرگرمیوں میں بھی لاگو ہوتے ہیں ان کا اطلاق غیر حکومتی صارفین اور کاروباری شراکت داروں کے ساتھ معاملات میں بھی ہوتا ہے۔

انسداد بدعنوانی اور انسداد رشوت خوری قوانین کے ساتھ تعمیلی رہنے کے لئے، کسی حکومتی ملازم کو کوئی قیمتی چیز فراہم کرنے سے پہلے مخصوص قواعد کا خیال رکھنا چاہیئے۔ نوٹ فرمائیں کہ کچھ صارفین یا Teradata شراکت داران مکمل یا جزوی طور پر ایک سرکاری ادارے کی ملکیت ہیں۔ نتیجے کے طور پر، ڈائریکٹرز، مینیجرز، ملازمین، ٹھیکیداروں، اور ان کاروباری نمائندوں کو سرکاری حکام سمجھا جا سکتا ہے۔ ان حالات میں، عام اور مناسب کاروباری تفریح یا تحائف عام طور پر جب وہ قابل اطلاق کمیونٹی میں قانونی اور روایتی ہوں، بشرطیکہ Teradata پالیسیوں کی دائرے میں ہوں، ان کی اجازت ہے۔ مالی حد بندیوں، قبل از منظوری تقاضوں، اور دیگر زیر غور لائی جانے والی ہدایات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، براہ کرم Teradata کی تحائف اور تفریح کی پالیسی (**CMP 912**)، ضابطے کا وہ حصہ جو نیچے تحائف اور تفریح کے بارے میں مخصوص ہے ملاحظہ کریں، یا کوئی کارروائی کرنے سے پہلے Teradata کی قانونی تنظیم سے رابطہ کریں۔

امریکہ سے باہر کچھ ممالک میں، نچلی سطح کے اہلکاروں کو ادائیگیاں کرنا مقامی قانون یا کاروباری روایت میں جائز ہے۔ عام طور پر نقد رقم میں کی جانے والی چھوٹی ادائیگیاں (کبھی کبھی "گریز" ادائیگیاں کہا جاتا ہے) کو روٹین کی حکومتی انتظامی کارروائیاں،جیسے کاغذی کارروائیاں یا اجازت نامہ کے حصول کی کارکردگی کو تیز کرنے کے لئے کی جاتی ہیں۔ تاہم، یہ کہنا مشکل ہو سکتا ہے کہ کب یہ ادائیگی اس دائرے سے نکل کر رشوت کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ آپ کی اور کمپنی کی حفاظت کے لیے، Teradata تمام تر ادائیگیوں کی ممانعت کرتا ہے۔ آپ کو تمام طرح کی سہولیاتی ادائیگیوں، اور رشوت یا کک بیکس کی اطلاع Teradata کی قانونی تنظیم کو دینی چاہیئے۔

Teradata کی عالمگیر انسداد بدعنوانی پالیسی (**CMP 904**) رشوت ستانی، بدعنوانی اور منی لانڈرنگ کے لئے صفر برداشت ظاہر کرتی ہے۔ تمام Teradata افراد کو اس کی پاسداری کرنی چاہیئے۔

Teradata نے فریق ثالث سے متعلق متعدد طریقۂ کار، ٹولز، اور کنٹرولز کو بھی اپنایا ہے۔ یہ ان فریقین ثالث کے ساتھ معاملات طے کرنے کی نگرانی اور روک تھام میں مدد گار ہے جو بدعنوانی کی سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ یہ یقینی بنانے میں مدد دیتا ہے کہ اضافی اور شفاف احتیاط کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے جس سے ہائی رسک یا ریڈ-فلیگڈ فریق ثالث کی ڈیلنگز اور ساکھ کے حوالے سے خدشات پر غور کرتے ہوئے تمام قابل اطلاق قانونی مطالبات کے مطابق ہوئی ہیں۔ تمام Teradata افراد کے لیے ان طریقہ ہائے کار اور ٹولز کی تعمیل لازمی ہے۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

ہدایات برائے انسداد بدعنوانی

سوال: ایک غیر امریکی ٹیلی کمیونیکیشنز کمپنی کا اہلکار یا بینک جو جزوی طور پر حکومت کی ملکیت ہے آپ سے کہتی ہیں کہ Teradata کے ساتھ زیر التواء کاروباری مواقع کے حوالے سے بہتر رویہ اپنایا جائے گا اگر Teradata: اس اہلکار کے بیٹے کو نوکری دے دے؛ اس اہلکار کے بھائی کی کمپنی کو ذیلی ٹھیکہ دے دے؛ اہلکار کی بھتیجی کے فائدے کے لیے ایک اسکالرشپ فنڈ کے لئے عطیہ دے؛ یا اس اہلکار کے خاندان کو اس کے ساتھ دوسری طرح سے جائز کاروباری دورے پر جانے کا خرچ اٹھائے۔ آپ کو کیا کرنا چاہیئے؟

جواب: آپ کو فوراً درخواست مسترد کر دینی چاہیئے، اور فوراً اپنے مینیجر اور Teradata کی قانونی تنظیم کو اطلاع دینی چاہیئے۔ آپ اور/یا آپ کے مینیجر کو فوری طور پر Teradata کے اخلاقی اور تعمیلی دفتر میں بھی اس کی اطلاع دینی چاہیئے۔ امریکی فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ (FCPA) کا اطلاق امریکی کمپنیوں اور ساری دنیا میں ان کی تمام ذیلی کمپنیوں پر ہوتا ہے جو غیر امریکی حکومتی کمپنیوں کے معاملات دیکھتی ہیں، جیسے ٹیلی کمیونیکیشنز کمپنی یا بینک جو اس صورت حال میں ملوث ہوں۔ ٹریڈنگ، ثالثی، یا کاروباری لین دین میں مدد کے لیے ذاتی اہلکار یا اس کے خاندان کے ذاتی فائدے کی پیشکش کی جائے، تو خواہ نقدی کی صورت میں یا نقدی کے مساوی، یا (جیسے نوکری دینی، ذیلی ٹھیکے، عطیاتی اسکالر شپ، یا سفر جس سے اس کے افراد خاندان کو فائدہ ہوتا ہے) جیسی چیزیں ممنوع ہیں اور ان کی فوری اطلاع دیں۔

درآمد اور برآمد سے متعلق تعمیل

Teradata کے عالمی بازار میں ایک ہائی‌ٹیک کمپنی کے طور پر شرکت کے لیے، ہمیں خاص طور پر بین الاقوامی تجارتی اور امیگریشن قوانین اور پابندیوں سے باخبر رہنا چاہیئے۔ امریکہ سمیت زیادہ تر ممالک، سے سامان اور ٹیکنالوجی کی برآمد، سختی سے ریگولیٹ کی جاتی ہے۔ دوسرے ملک (یا کسی دوسرے ملک کے شہری یا نمائندے کو، اگر وہ شخص عارضی طور پر اسی ملک میں مقیم ہو جہاں آپ ہیں) میں کسی شخص کو تکنیکی معلومات کی ترسیل قانون کے مطابق برآمد کہی جا سکتی ہے۔ آیا کسی پراڈکٹ یا ٹیکنالوجی کو برآمد کیا جا سکتا ہے یا نہیں اس کا انحصار مختلف عوامل پر ہے، جس میں اس چیز کی نوعیت، وصول کرنے والا ملک، اور استعمال اور استعمال کنندہ شامل ہیں۔

برآمداتی سرگرمی اور اس طرح کی سرگرمی کے نظم کے قوانین پر مزید معلومات کے لیے، ہماری برآمداتی تعمیلی پالیسی (**CMP 919**) کو دیکھیں، یا قانونی تنظیم سے رابطہ کریں۔

Teradata کو تمام قابل اطلاق درآمداتی قواعد و ضوابط کی تعمیل بھی کرنی ہو گی۔ یہ قوانین دراصل اس سے متعلق ہیں کہ ایک ملک میں کیا درآمد کیا جا سکتا ہے، کیسے انھیں درجہ بند اور نشان زد کیا اور ان کی قیمت کا تعین کیا جاتا ہے، اور ان پر ڈیوٹی اور دیگر ٹیکس کتنے ادا کیے جائیں گے۔ درآمد اور برآمد دونوں کے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزیوں کے لئے جرمانے سخت ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ Teradata کے لیے درآمد کے عمل میں شامل ہیں، تو آپ کو کمپنی کی درآمداتی تعمیلی پالیسی (**CMP 917**) کو پڑھنا اور سمجھنا چاہیئے۔ درآمد کے ضابطے کے بارے میں رہنمائی کے لئے، آپ کو تنظیم کے نامزد درآمداتی تعمیلی مشیر یا Teradata کی قانونی تنظیم سے رابطہ کرنا چاہیئے۔

Teradata ہم میں سے ہر ایک سے تمام قابل اطلاق درآمد اور برآمد کنٹرول قوانین و ضوابط کی تعمیل کی توقع رکھتا ہے۔ ہم ان قوانین اور طریقہ ہائے کار کو فریق ثالث کے ڈیو ڈیلیجنس ٹولز اور کنٹرولز کے ذریعہ فروغ دیتے ہیں جنھیں رشوت ستانی اور بدعنوانی کے خدشات کو کم کرنے اور روکنے کے ساتھ ساتھ تجارتی پابندیوں کی تعمیل کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس بات کی جانکاری کو یقینی بنانا ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ہمارے صارف کون ہیں، ہماری پروڈکٹس کو کس طرح استعمال کیا جائے گا، اور ہماری پروڈکٹس کہاں استعمال کیے جائیں گے۔

امریکی کمپنی کے طور پر ہم پر کچھ خاص ممالک، افراد یا اداروں کے ساتھ تجارت کرنے پر پابندیاں عائد ہیں۔ ہمارے لیے بعض دیگر ملکوں کے، گروہوں 'یا صارفین کے حوالے سے سرگرمیاں بھی ممنوع ہے، جن پر بائیکاٹ، امتناعات، یا دیگر پابندیاں عائد ہیں، اگر وہ سرگرمیاں امریکی تجارتی پالیسیوں کے مطابق نہیں ہیں (مثلاً، بعض کی اسرائیل کے ساتھ تجارت سے منع کرنا یا پابندی عائد کرنا)۔ ہم ان افراد اور ممالک کے حوالے سے مفصل پالیسیاں (**CMP 903** اور **CMP 919**) رکھتے ہیں اور باقاعدگی سے فہرستیں اپ ڈیٹ کرتے ہیں (مثلاً مسترد کردہ فریقین کی فہرستیں) جن کے ساتھ ہم تجارت نہیں کر سکتے اور جن کے لیے بائیکاٹ اور پابندیوں کی سرگرمیاں ممنوع ہیں۔ اگر تجارت اور معاشی پابندی سے متعلق آپ کے کوئی سوالات ہیں، جس کا اطلاق آپ کے کام پر ہو سکتا ہے، تو برائے مہربانی قانونی تنظیم سے رابطہ کریں۔

تحائف اور تفریح

تحائف کوئی بھی قیمتی چیز ہو سکتے ہیں، جس میں سامان، خدمات، سفر، رہائش، اور کھانا اور تفریح شامل ہے، تب بھی جب دینے والا موجود نہ ہو۔ تحفہ دینے کا رواج ساری دنیا میں الگ الگ ہے۔ کاروباری تحائف اور تفریح صارفین اور کاروباری شراکت داروں کے ساتھ کام کے اچھے تعلقات قائم کرنے کے لئے ڈیزائن کی گئی نوازشات ہیں۔ البتہ، تحائف نامناسب ہیں، اگر وہ بہت زیادہ ہوں، احسان بنتے ہیں یا وہ غیر مناسب طریقے سے یا بدعنوان طریقے سے کاروباری فیصلے کو متاثر کرنے کی نیت سے دیے گئے ہیں۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

تحائف کی عام طور پر اجازت ہے اگر وہ:

قیمت میں معمولی ہوں

کبھی کبھار ہوں

کھلے عام فراہم کیے جائیں

بن مانگے دیے گئے ہوں

نقدی یا اس کے مساوی نہ ہوں (جیسا کہ قرض، اسٹاک یا گفٹ سرٹیفیکیٹ)

کوئی ایسی چیز جو خود مختار جائزہ کار کی جانب سے مناسب سمجھی جائے (مثلاً، ہمیں بالغوں اور جنسی نوعیت کے مقام، خدمات، یا تفریح کے لئے ادائیگی یا سہولت فراہم نہیں کرنی چاہیئے)

مقامی ماحول جس میں یہ دی گئی ہے قانونی ہے اور دوسری کمپنی کی پالیسیوں سے ہم آہنگ ہے

Teradata کی پالیسیوں (**CMP 912**) کے تحت زیادہ سے زیادہ عام جائز حد کے تحفے کے لیے USD $100 اور تفریح کے لیے USD $200 ہے۔ نچلی حد کا اطلاق شعبہ جاتی، مقامی یا ٹیم کی پالیسیوں، اصولوں، یا مقامی قانون (مثلاً، خریداری یا حکومتی اہلکاروں کی تفریح میں ملوث افراد یا حکومتی اہلکاروں یا کلی یا جزوی حکومتی ملکیت والے اداروں کے نمائندوں کی تفریح) کے تحت ہو سکتا ہے۔ آپ CMP 912 میں بیان کردہ تناظر کو استعمال کرتے ہوئے مختلف رقموں کے لیے پیشگی انتظامی منظوری کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو کسی تحفے یا تفریح کی پیش کش کی گئی ہے جس کی اجازت نہیں ہے یا جو Teradata پالیسیوں کی حد سے تجاوز کرتی ہے، تو آپ نرمی سے بتا سکتے ہیں کہ Teradata پالیسیاں انھیں قبول کرنے کی اجازت نہیں دیتیں۔ اگر آپ کو ایک ایسی صورت حال کا سامنا ہے جہاں اس طرح کے تحفے سے انکار پیشکش کرنے والے شخص کو پریشان یا اس کی توہین کر سکتا ہے، تو آپ اس تحفے کو Teradata کی طرف سے قبول کر سکتے ہیں اور اس کی اطلاع فوراً مینیجر کو دیں۔

آپ کو دیگر کمپنیوں کے ضابطہ اخلاق اور پالیسیوں کا ہمیشہ احترام کرنا چاہیئے۔ اگر کسی تحفے یا تفریح کی Teradata پالیسیوں کے تحت اجازت ہے لیکن وصول کنندہ کے ضابطے اور پالیسی کے تحت ممنوع ہے، تو آپ کو تحفے کی پیشکش نہیں کرنی چاہیئے۔ اب تک سب سے اہم بات یہ یاد رکھنا ہے کہ آپ کسی چیز کی پیشکش، اس کی مانگ، یا اسے قبول نہیں کر سکتے جو لینے والے کے معروضی کاروباری فیصلے کی صلاحیت میں دخیل—یا بظاہر دخیل ہو—اور آپ کو یقینی بنانا چاہیئے کہ تحائف اور تفریح مینجمینٹ کے لئے شفاف ہیں اور مناسب کمپنی دستاویزات میں ان کی صحیح طرح عکاسی اور ظاہر کیا گیا ہے۔ اگرچہ آپ نے کسی صارف کے نمائندے کو تحفہ یا تفریح فراہم کرنے کے لئے اپنے پیسے یا دیگر وسائل استعمال کیے ہوں، آپ کو پھر بھی ان تقاضوں کی تعمیل کرنی ہو گی۔

حکومتی صارف کے نمائندوں سے سودے کے وقت آپ کو خصوصاً احتیاط سے کام لینا چاہیئے۔ قانون کچھ حکومتی ملازمین کو کچھ بھی قیمتی قبول کرنے سے منع کرتا ہے، یہاں تک کہ ایک اچھا کھانا، ایک کپ کافی یا ٹوکن مصنوعات، جیسے کھانا یا پروموشنل آئٹم جس پر Teradata لوگو ہو۔

ماحولیات، صحت اور حفاظت کی تعمیل

ایک غیر معمولی جائے کار کا عزم رکھتے ہوئے، Teradata ان کمیونیٹیز میں جہاں ہم کام کرتے ہیں تمام قابل اطلاق ماحولیات، صحت اور حفاظت (EH&S) سے متعلق قوانین، اصولوں، اور ضابطوں کی پاسداری کرتا ہے۔ ہمارے پاس EH&S کتابچہ، EH&S پالیسیاں، EH&S معیاری آپریٹنگ طریقہ کار، لازمی EH&S رپورٹنگ تقاضے، اور تمام ایسوسی ایٹس کے لیے لازمی EH&S تربیت ہے۔ ان کے حوالے سے معلومات دستیاب ہیں (ملاحظہ کریں **CMP 601**)؛ ان میں سے زیادہ تر **Teradata.com** پر عوامی طور پر قابل رسائی ہے۔

سماجی ذمہ داری اور انسانی حقوق

ہم فعال ماحولیاتی استحکام، انسانی حقوق، اور دیگر متعلقہ ماحولیاتی، سماجی اور گورننس کے اقدامات بھی کرتے ہیں جس میں: ہماری مصنوعات میں مضر مواد سے متعلق مسائل حل کرنے کے ضوابط کی تعمیل؛ الیکٹرانک فضلے کی ری سائیکلنگ؛ جہاں ممکن ہو زہریلے مواد کے اخراج کو کم کرنا؛ مصنوعہ کے معیارات؛ اور تنازعاتی معدنی انسانی حقوق کے عزائم؛ ہمارے سپلائر ضابطہ اخلاق کی مطلوبہ تعمیل؛ اور ذمہ دار کاروباری اتحاد [RBA] ضابطہ اخلاق کے ہمارے کاروباری اصولوں میں شمولیت اور اقوام متحدہ (UN) کا گلوبل کامپیکٹ شامل ہیں۔ ان اور دیگر پروگراموں کے

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

بارے میں معلومات عوامی طور پر **https://www.teradata.com/about-us/environmental-social-governance** **https:** پر دستیاب ہیں۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، یا آپ کو ایک غیر محفوظ حالت یا EH&S قوانین، ضوابط، پالیسیوں، معیاری آپریٹنگ طریقہ کار کی ممکنہ خلاف ورزیوں، یا استحکام کے ہمارے عزائم، انسانی حقوق اور دیگر متعلقہ ماحولیاتی، سماجی اور گورننس کے اقدامات سے متعلق کوئی معلومات حاصل ہوں، تو آپ کو فوری طور پر اس کی اطلاع اپنے مینیجر، فیسیلٹی مینیجر، قانونی تنظیم یا اخلاقیات اور تعمیل دفتر کو دینی چاہیئے۔

انسانی حقوق

Teradata اقوام متحدہ گلوبل کمپیکٹ کے دس اصولوں پر عمل کرتا ہے، جو ذیل میں بیان کیے گئے ہیں۔

اصول 1: کاروبار کو بین الاقوامی سطح پر مانے جانے والے انسانی حقوق کے تحفظ کا احترام کرنا چاہیئے؛ اور

اصول 2: یقینی بنائیں کہ وہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں میں ملوث نہیں ہیں۔

مزدور

اصول 3: کاروبار ایسوسی ایشن کی آزادی، اور اجتماعی بات چیت کے حق کی موثر شناخت کرے؛

اصول 4:زبردستی یا لازمی محنت کی تمام اقسام کا خاتمہ؛

اصول 5: بچکانہ مزدوری کا موثر خاتمہ؛ اور

اصول 6: روزگار اور پیشے کے حوالے سے امتیازی سلوک کا خاتمہ۔

ماحول

اصول 7: کاروبار کو ماحولیاتی چیلنجوں کے ایک احتیاطی نقطہ نظر کی حمایت کرنی چاہیئے؛

اصول 8: زیادہ سے زیادہ ماحولیاتی ذمہ داری کو فروغ دینے کیلئے اقدامات کرنا؛ اور

اصول 9: ماحول دوست ٹیکنالوجی کی ترقی اور فروغ کی حوصلہ افزائی۔

انسداد بدعنوانی

اصول 10: کاروبار کو بھتہ خوری اور رشوت سمیت تمام قسم کی بدعنوانی کے خلاف کام کرنا چاہیئے۔

جدت پسندی کی کوشش کرنا

عمل درآمد میں جدت اور مستعدی اس بات کی بنیاد ہیں کہ ہم بطور کمپنی کون ہیں۔ ہم ان بنیادی اصولوں کو اپنے سب سے اہم اثاثوں میں سے ایک – ہماری ملکیتی معلومات کی حفاظت کی ضرورت کے مطابق متوازن رکھتے ہیں۔ ہم سب کو Teradata کی ملکیتی معلومات کا انتظام کرنے کے لئے قواعد کی پیروی کرنے میں تعاون کرنا ہے۔ انفرادی اور کمپنی کے طور پر ہماری مستقبل کی کامیابیوں کی بنیاد ہمارے جمع کئے ہوے اثاثوں، علم، اور تربیت پر قائم کی گی ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ ہم Teradata کی انٹلکچول پراپرٹی حقوق کا تحفظ کریں۔ ہمیں دوسروں کے انٹلکچول پراپرٹی حقوق کو سمجھنا اور ان کا احترام کرنا چاہیئے، اور ان حقوق کی—دانستہ یا غیر دانستہ طور پر خلاف ورزی نہیں کرنی چاہیئے۔

ملکیتی اور رازدارانہ معلومات

معلومات Teradata کا اہم املاک ہے۔ اس میں ہماری انٹلکچول پراپرٹی اور دیگر محفوظ معلومات ہیں، جیسے:

تجارتی راز، دیگر خفیہ معلومات، پیٹنٹس، ٹریڈ مارکس، اور کاپی رائٹس؛

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

ریسرچ اور ڈویلپمنٹ، بشمول ایجادات، پیٹنٹ کی درخواستیں، اور انجینئرنگ ریکارڈز؛

نیٹ ورک مینجمینٹ کی معلومات؛

کاروباری، مارکیٹنگ، اور سروس کے منصوبے؛

صارف اور ممکنہ صارف کی شناختیں؛

قیمت اور دیگر بولیاں، تجاویز، اور معاہداتی شرائط؛

الحاق اور امیدواروں کی بھرتی؛

غیر مطبوعہ مالی منصوبے، ڈیٹا، رپورٹس، اور پروجیکشنز؛

Teradata سرٹیفائیڈ پروفیشنل پروگرام (TCPP) کے امتحانات/ٹیسٹ کے مواد؛ اور

تحریری غیر انکشافی/رازداری معاہدوں سے متعلق معلومات۔

جبکہ معلومات کا تبادلہ ہماری آپس میں جڑی ہوئی جائے کار پر لازمی ہے، ہم سبھی کے لیے Teradata سے متعلق معلومات کی حفاظت لازمی ہے، اسے غیر مجاز لوگوں کی رسائی سے دور رکھیں، اور جائز Teradata کاروباری مقاصد کے لیے استعمال کو یقینی بنائیں۔ ہمیں اسی طرح ان کمپنیوں سے متعلق ملکیتی معلومات کی حفاظت غیر مجاز انکشاف اور استعمال میں احتیاط برتنی چاہیئے جن کے ساتھ ہم کاروبار کرتے ہیں، جیسے ہمارے صارفین اور کاروباری شراکت داران۔

مزید براں، کام کے دوران، ہماری رسائی ان ذاتی معلومات تک بھی ہوتی ہے جسے ساتھی رفقا، صارفین، اور کاروباری شراکت داروں کے ذریعہ Teradata کو سونپا گیا ہے (مثلاً، رازداری کے قانون کے تحت محفوظ کردہ معلومات)۔ اگر آپ کا کام اس طرح کی معلومات تک رسائی دیتا ہے، تو آپ کو اس بات کے لیے کہ اسے احتیاط اور احترام سے استعمال کیا جائے اور کمپنی کے متعلقہ تمام تر قانونی تقاضوں کے ساتھ استعمال کے لیے تمام مناسب احتیاط برتنی چاہیئے۔ اسے صرف جائز کاروباری مقاصد کے لیے استعمال کیا جانا چاہیئے، اور صرف انھیں رسائی ملنی چاہیئے جن کے کام کے لیے ان کی ضرورت ہے۔ ہم اس معلومات کا اشتراک اپنے ساتھی رفقا کے ساتھ نہیں کر سکتے یا اسے بغیر مناسب منظوری کے سرحد پار نہیں بھیج سکتے۔ آپ کو کسی بھی رازدارانہ اور/ذاتی معلومات کی حامل ای میل یا دستاویز پر احتیاطً *Teradata رازدارانہ معلومات* کا لیبل لگانا چاہیئے۔

چونکہ خفیہ معلومات ہمیشہ نشان زد نہیں ہوتیں، لہٰذا اگر آپ مطمئن نہیں ہیں کہ آیا استعمال یا انکشاف مناسب ہے، تو معلومات کے تحفظ کے حوالے سے قابل اطلاق Teradata کی پالیسیوں (مثلاً، **CMP 1402** اور **CMP 204**) کا جائزہ لیں اور معلومات کے انکشاف یا استعمال سے قبل اپنے مینیجر یا Teradata کی قانونی تنظیم سے اس بارے میں پوچھیں۔

فریقِ ثالث انٹلکچول پراپرٹی

Teradata اپنے وینڈرز، سپلائرز، اور کاروباری حریفوں کی انٹلکچول پراپرٹی کا احترام کرتا ہے، اور دیگر فریقین سے Teradata کی انٹلکچول پراپرٹی کے احترام کی توقع کرتا ہے۔ ہر Teradata ایسوسی ایٹ کو صرف پراپرٹی لائنس یافتہ سافٹ وئیر یا دیگر انٹلکچول پراپرٹی استعمال کرنی چاہئیں۔ ہمارے ایسوسی ایٹس کو سافٹ وئیر یا دیگر انٹلکچول پراپرٹی Teradata پروکیورمنٹ یا آئی ٹی ٹیموں کی جانکاری یا اجازت کے بغیر ڈاؤن لوڈ نہیں کرنی چاہئیں۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اسٹاک فوٹو گرافی، موسیقی، اوپن سورس کوڈ یا متن کا Teradata کی تیارکردہ کسی بھی مصنوعہ، جیسے®Microsoft@ PowerPoint یا دیگر پریزنٹیشنز میں استعمال، کمپنی کو خطرے میں ڈال سکتا ہے۔ آپ کو یقینی بنانا چاہیئے کہ Teradata کے ایسوسی ایٹس یا اس کے وینڈرز کے پاس انھیں پریزنٹیشن یا دیگر میڈیا میں شامل کرنے سے قبل مناسب لائسنس اور استعمال کی اہلیت موجود ہے۔

ہم اوپن سورس کمپیوٹر کوڈ کا استعمال کر سکتے ہیں، جو اکثر Teradata انٹلکچول پراپرٹی کے سلسلے میں مفت دستیاب ہوتا ہے۔ تاہم، کچھ اوپن سورس کمپیوٹر کوڈ کے لیے لائنسنگ کی شرائط متعلقہ (یا غیر متعلقہ بھی) Teradata انٹلکچوال پراپرٹی کو پبلک ڈومین میں رکھنا پڑ سکتا ہے۔ اوپن سورس کوڈ کو ہمارے پروڈکٹس میں استعمال کرتے وقت یہ خطرہ کچھ صورتوں میں یا اگر مخصوص تقاضوں کے تحت استعمال نہیں ہوا جو ایسے نتائج سے اجتناب کے لیے ضروری ہیں، بطور خاص ہوتا ہے۔

Teradata نے انٹلکچول پراپرٹی اور اوپن سورس مواد کی پالیسیاں، عمل، اور طریقہ ہائے کار کو اپنایا ہے، اور ان کا اطلاق کرتا ہے۔ اس طرح کی سرگرمیوں میں شامل ایسوسی ایٹس کو ان سے آگاہ ہونا اور ان کی تعمیل کرنا لازم ہے۔ اگر املاک دانش یا اوپن سورس مواد کے حوالے سے آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو اپنے مینیجر یا Teradata کی قانونی تنظیم سے رابطہ کریں۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

Teradata سند یافتہ پیشہ ورانہ پروگرام

ہماری کمپنی پیشہ ورانہ سرٹیفیکیشنز حاصل کرنے کے لئے اپنے وسائل فراہم کرتی ہے۔ وہ لوگ جو سرٹیفکیشن امتحانات دیتے ہیں انھیں امتحان کے مواد کے حصول اور/یا کوئی امتحان دینے سے قبل TCPP سکیورٹی پالیسی کو پڑھنا اور سمجھنا لازمی ہے۔ سرٹیفکیشن امتحان کا مواد (سوالات اور جوابات دونوں کے اختیارات) Teradata انٹلکچول پراپرٹی کا حصہ ہیں اور اسے کسی پر بھی کسی بھی صورت میں ظاہر یا شیئرنہیں کیا جائے گا۔ لوگ یا ادارے جو ہمارے ملکیتی مواد کی نقل کرتے ہیں، تقسیم، پوسٹ، وصول، ڈاؤن لوڈ کرتے یا خریدتے، یا بیچتے ہیں وہ قوانین، Teradata حقوق اور Teradata پالیسیوں کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ ایسوسی ایٹس پر اس طرح کے کسی بھی عمل میں ملوث ہونے سے بچنا لازمی ہے۔ اگر آپ کو اس طرح کا کوئی مواد ملتا ہے، تو آپ کو TCPP سکیورٹی کو اطلاع دینی چاہیئے (**certification.teradata@teradata.com** پر ای میل کریں)۔

رازداری اور ڈیٹا کا تحفظ

Teradata نے ایک تنظیم کے طور پر ایسی شہرت کمائی ہے جس کی یہ حقدار ہے، اس نے ہمارے صارفین اور Teradata کے ایسوسی ایٹس کا اعتماد اور احترام حاصل کیا ہے۔ ہم پر لازم ہے کہ ہم اس رازداری، سالمیت، اور ڈیٹا کی دستیابی، بشمول ذاتی معلومات کی حفاظت کرتے ہوے اس اعتماد اور احترام کو قائم رکھیں۔ ہم میں سے ہر ایک پر لازم ہے کہ رازدارانہ ڈیٹا پروسیسنگ اور استعمال کرنے کے وقت تمام متعلقہ طریقہ کار پر عمل کریں۔ جیسا کہ:

Teradata کے جائز کاروباری مقاصد اور متعلقہ دورانیوں کے لئے صرف مجاز افراد کے ذریعے رسائی کی اجازت دینا (مثلاً Teradata ایسوسی ایٹس اور اسے جاننے کی قانونی اور جائز ضرورت کے ساتھ کاروباری پارٹنرز کو)۔

پاس ورڈز اور ان پاس ورڈز سے ٹیکنالوجی تک رسائی کی سختی سے حفاظت کرنا۔

فوری طور پر مددگار ہونے کی عادت کی مزاحمت کرنا جب غیر تصدیق شدہ یا غیر مجاز لوگ پری ٹیکسٹنگ یا جعل سازی کے ذریعے ڈیٹا، فنڈ، یا منظوری تک رسائی طلب کریں۔

احتیاط کرتے ہوئے بیک اپس قائم رکھیں جو ہمارے ڈیٹا انتظام کی پالیسیوں اور انفارمیشن تحفظ معیار کے مطابق اور دوہری صورت میں حکم کے مطابق ہوں۔

Teradata یا اس کے صارفین کے رازدارانہ ڈیٹا کو کبھی بھی اپنی ذاتی ای میل/ڈیوائسز پر نہ بھیجنا۔

اگر آپ ڈیٹا کے تحفظ کے واقعے، نقص یا خلاف ورزی کے بارے میں آگاہ ہوتے ہیں، چاہے وہ کتنی ہی معمولی ہو، تو آپ پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ Teradata اور ہمارے صارفین کو اس کی فوراً رپورٹ کریں تاکہ ہم کسی بھی نقصان کو روک سکیں یا محدود کر سکیں، قابل اطلاق قوانین، ضابطوں، یا معاہدوں کے مطابق ضروری شکایت یا انکشافات کریں، اور دیگر ڈیٹا اور رازداری کے تحفظ کے قوانین اور قواعد و ضوابط کے مطابق اقدامات جلد از جلد کرنے کی شروعات کریں۔ کسی ڈیٹا سکیورٹی کی خلاف ورزی نظر انداز کرنے کا کوئی اختیار موجود نہیں ہے۔

ہم سب کو **https://www.teradata.com/Privacy** پر دستیاب ہماری عالمگیر رازداری کا بیانیہ کی دفعات کو پڑھنا، سمجھنا، اور ان کی تعمیل کرنی چاہیئے۔ تمام Teradata ایسوسی ایٹس ڈیٹا کے تحفظ کے اعلیٰ ترین معیارات کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنے کام میں ذاتی معلومات کو استعمال کرنے کے بارے میں شبہ ہے، تو Teradata کا رازداری کا دفتر آپ کی مدد کے لیے حاضر ہے۔ آپ **یہاں** بھی رازداری کے دفتر کی رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔

مصنوعی ذہانت

AI ہم سب کو Teradata میں اپنے کام میں زبردست مواقع اور افادیت پیش کرتی ہے۔ AI ٹولز اور ٹیکنالوجی — بشمول تخلیقی AI — ہمارے کام کرنے، ڈیٹا پر مبنی فیصلے کرنے اور اپنے صارفین کی بہتر خدمت کرنے کے طریقے میں انقلاب لانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ تاہم، بے پناہ صلاحیت کے ساتھ اضافی ذمہ داری آتی ہے۔ Teradata میں، ہم اپنے کام اور کاروباری نتائج کے معیار، استعداد، اور مجموعی قدر کو بہتر بنانے کے لیے AI کے ذمہ دارانہ استعمال کو ترجیح دیتے ہیں۔

Teradata کے ہر ملازم کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ مستعدی، احتیاط اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرے، نیز Teradata میں نئے AI ٹولز استعمال کرنے سے پہلے مینیجر کی منظوری حاصل کرے۔ آپ ہماری قابل قبول استعمال کی پالیسی اور AI کو استعمال کرنے کے طریقہ سے متعلق عمومی رہنمائی یہاں پڑھ سکتے ہیں۔ AI کے تمام استعمالات کو درج ذیل اہم خطرات سے نمٹنا چاہیے:

اخلاقی استعمال

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

ڈیٹا کی رازداری، گورننس اور نظم

ڈیٹا کی سکیورٹی

سکیورٹی طرزعمل

ملکیت اور کاپی رائٹ

مواد کی توثیق

فریق ثالث خطرے کا نظم

تعصب

قانونی تنظیم AI سے متعلق آپ کے کسی بھی سوالات میں آپ کی مدد کرنے کے لیے حاضر ہے۔

اپنی صنعت میں بلندی تک پہنچنا

Teradata میں، ہم صارف اور مارکیٹ کے مطابق چلنے والے ہیں، جو ہمارے بنیادی اصولوں میں سے ایک ہے۔ اگرچہ ہم جارحانہ طور پر مقابلہ کرتے ہیں، تاہم ہم یہ منصفانہ طور پر اور درست رویے سے کرتے ہیں۔ ہم منصفانہ مسابقت کے لئے قواعد اور بہترین اطوار کی پیروی کرتے ہیں۔ ہم اپنی مارکیٹ کے سبھی شعبوں میں عالمی معیار کے اپنے زمرے میں بہترین بننا چاہتے ہیں۔ اس کے ساتھ، ہمیں فراموش نہیں کرنا چاہیئے کہ ذاتی اور کاروباری دیانت داری ہمارے مشن کی بنیادیں ہیں۔

منصفانہ مقابلہ کرن

Teradata قابلیت، اور جدت اور اپنی پروڈکٹس کی خصوصیات، خدمات، لوگوں اور کاروباری شراکت داروں کی بنیاد پر کامیاب ہونے کے لئے کاربند ہے، خواہ ہم کہیں بھی کام کریں۔ ہم عالمی سطح پر مقابلہ اور آزاد کاروبار کی حفاظت کرنے کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں، جس میں بے اعتمادی یا منصفانہ مقابلہ کے قوانین شامل ہیں۔

منصفانہ مقابلہ کے قوانین کے تحت، ہم اپنے کاروباری حریف سے ایسا کوئی معاہدہ نہیں کر سکتے جس سے مقابلہ میں رکاوٹ آئے۔ غیر قانونی معاہدوں کو دستخط شدہ معاہدہ نہیں بنایا جانا چاہیئے۔ انہیں اتنا آسان ہونا چاہیئے جتنی دو کاروباری حریفوں کے دوران زبانی مفاہمت۔ کاروباری حریفوں کے درمیان کوئی بھی ربط ضبط یا ملی بھگت سنگین ہوتی ہے اور آپ کو اور Teradata دونوں کو خطرے میں ڈالتی ہے۔

کاروباری حریفوں سے مراسلے کے وقت، آپ کو ان میں سے کوئی بھی معاملہ اٹھانا، ان پر بات کرنی، یا ان کا حل تلاش کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیئے:

علاقے کی تقسیم؛

صارفین کی تقسیم؛

صارفین سے ایک مقررہ یا مخصوص قیمت وصول کرنا؛

سپلائرز کو ایک مقررہ یا مخصوص قیمت ادا کرنا؛

فروخت کی یکساں یا ملتی جلتی چھوٹ، شرائط اور ضوابط کی پیشکش کرنا؛

ڈاؤن اسٹریم ری سیلرز کے ذریعہ مقررہ یا مخصوص ری سیل قیمت وصول کرنا؛

مخصوص صارف یا سپلائر کا بائیکاٹ کرنا؛ یا

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

اتفاق کرنا کہ کون کوئی مخصوص بولی جیتے گا۔

کاروباری حریف سے مراسلے کے دوران اگر ان میں سے کوئی بھی موضوع پر آواز اٹھائی گئی، تو آپ کو فوراً گفتگو روک دینی چاہیئے، اور جتنی جلدی ہو سکے اپنی نا پسندیدگی کا اظہار کریں، اور صورت حال کی اطلاع Teradata کی قانونی تنظیم کو فوراً دیں۔

صنعتی ایسوسی ایشنز اور کاروباری شوز میں شرکت

صنعتی ایسوسی ایشنز، کانفرنسز اور کاروباری شوز زبردست نیٹ ورکنگ اور کاروباری ترقی کا موقع ہو سکتا ہے، لیکن اس میں قانونی اور اخلاقی چیلنجز بھی آ سکتے ہیں۔ ان تقریبات مین شرکت کے وقت، ظاہری نامناسب میل جول سے بھی ہوشیار رہیں۔ ان میں سے کسی بھی تقریب میں اگر آپ کو مخالف مسابقتی موضوعات کے بارے میں کاروباری حریفوں کے درمیان کوئی رسمی یا غیر رسمی گفتگو کا پتہ چلتا ہے، آپ ان سے معذرت کرتے ہوئے قانونی تنظیم سے رابطہ کریں۔

صارفین کے ساتھ منصفانہ معاملہ

Teradata صارفین پر غیر معمولی توجہ اور خدمت کے لیے جانا جاتا ہے۔ اپنے صارفین میں اس ساکھ کو برقرار رکھنے کے لیے، ہم پر اپنے صارفین سے منصفانہ معاملہ رکھنا لازمی ہے۔

منصفانہ مقابلے کے قوانین عام طور پر Teradata کو ان کمپنیوں کے انتخاب کی اجازت دیتے ہیں جن کے ساتھ کاروبار کرنا ہے۔ تاہم، وہ فیصلے آزادانہ طور پر کیے جانے چاہئیں اور کاروباری حریفوں کی مرضی یا ملی بھگت سے نہیں۔

صارفین سے منصفانہ معاملہ کے طور پر اور مقابلہ جاتی قوانین اور منصفانہ تجارتی طرز اعمال کے قوانین کی خلاف ورزی سے اجتناب کے لیے، ہم کبھی بھی ایسا نہیں کرتے:

اپنے کاروباری حریفوں کی پروڈکٹس، خدمات کا اپنی پروڈکٹس یا خدمات سے موازنہ کرنے کے دوران اس کے حوالے سے جھوٹے، بے بنیاد یا گمراہ کن بیانات دیں۔

ایسے وعدے کرنا جسے آپ یا Teradata پورا کرنا نہیں چاہتے یا اس کی اہلیت نہیں ہے۔

مسابقتی چیزوں کو مسابقتی شرائط پر نمایاں مختلف قیمت پر، اسی عرصے کے دوران، صارفین کو اسی تعداد میں، اور انہیں جغرافیائی علاقوں میں فروخت کریں جو ایک دوسرے سے مقابلہ کرتے ہیں۔ مسابقتی صارفین کے لیے قیمتوں میں واضح فرق، جو مصنوعات/خدمات، وقت، جغرافیہ، شرائط، تعداد، میں مقصد اختلافات کی بنیاد پر جائز نہیں ہیں، اور اسی طرح کی چیزیں، قیمت میں غیر قانونی مسابقتی، خلاف مسابقت امتیاز پیدا کریں۔

اگر آپ کے پاس صارفین سے منصفانہ معاملہ کے حوالے سے کوئی سوالات ہیں، تو کسی اقدام سے قبل قانونی تنظیم سے رہنمائی حاصل کریں۔

مارکیٹ کی طاقت کا غلط استعمال نہ کرنا

منصفانہ مسابقتی قوانین کمپنیوں کے ذریعہ ایسے اقدام کی تحدید کرتے ہیں جو مارکیٹ کی طاقت پر مبنی جدت اور مسابقت کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں۔ مارکیٹ کی طاقت کے غلط استعمال سے اجتناب کے لیے ہمیں مندرجہ ذیل نہیں کرنا چاہیئے:

کاروباری حریفوں کو مارکیٹ سے بھگانے کے لیے اپنی چیزوں اور خدمات کو لاگت سے کم قیمت پر فروخت کرنا۔

کچھ خاص چیزوں اور خدمات کی خریداری ضروری اضافی چیزوں کی خریداری کے ساتھ مشروط کرنا۔

صارفین سے اس طرح معاملہ کریں کہ اگر وہ ہماری پروڈکٹس خریدیں گے تو ہم ان کی پروڈکٹس خریدیں گے، جب تک قانونی تنظیم سے منظوری نہ ملے۔

قانونی تنظیم کی پیشگی منظوری کے بغیر خصوصی معاملاتی (خصوصیت) انتظامات کریں۔

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

کاروباری ذہانت

ہمارے کاروباری حریف کی سرگرمیوں کے بارے میں درست معلومات حاصل کرنا ضروری ہے اور یہاں تک کہ یہ آپ کی ملازمت کا حصہ ہو سکتا ہے۔ ہم یہ معلومات اخلاقی طور پر قانونی ذرائع سے حاصل کرتے ہیں۔ اس میں عوام کے لیے دستیاب دستاویزات، تجزیات، اشاعتیں، اور انٹرنیٹ شامل ہیں۔

تاہم، ناجائز طریقے سے معلومات حاصل کر کے ہم آگے نہیں بڑھ سکتے۔ ہم کسی بھی طرح رشوت، جاسوسی، جھوٹ، یا دیگر غیر قانونی یا غیر اخلاقی رویے کے ذریعے— خفیہ کاروباری معلومات یا تجارتی راز کبھی نہیں چرا سکتے۔ اس کا مطلب ہے، کسی حد تک، آپ کو دوسروں سے کوئی بھی ایسی جانکاری فراہم کرنے کے لیے نہیں کہنا چاہیئے یا اس کی حوصلہ افزائی نہیں کرنی چاہیئے جس سے کسی دوسری کمپنی کے ساتھ رازداری کے معاہدے کی خلاف ورزی ہو۔ اگر کوئی شخص بغیر مانگے آپ کو رازدارانہ معلومات بھیجتا ہے، تو آپ کو فوری طور پر Teradata کی قانونی تنظیم کو بتانا چاہیئے۔

Teradata منصفانہ اور جارحانہ مقابلہ کرتا ہے، لیکن قانون کے دائرے میں۔ اگر آپ Teradata کے کاروباری حریف کے سابق ملازم ہیں، تو آپ اپنے پہلے آجر کی خفیہ معلومت یا کاروباری راز Teradata میں کام کے دوران ظاہر نہ کریں۔ یہاں تک کہ اگر آپ کے ساتھی یا مینیجرز معلومات فراہم کرنے کو کہیں تو بھی آپ کو نہیں کرنی چاہیئے۔

اخلاقی اور تعمیلی رابطے اور وسائل

Teradata اخلاقی ہیلپ لائن

ٹیلی فون کے ذریعہ 24 گھنٹے روزانہ ٹول فری **0993-455-866** پر (امریکہ سے باہر، AT&T Direct کے ذریعہ کالرز ٹول فری کال کر سکتے ہیں) یا آن لائن **www.integrity-helpline.com/tdhelp.jsp پر**۔ آپ نیک نیتی سے مشتبہ خلاف ورزیوں کی رپورٹیں بنا سکتے ہیں، یا اخلاقی اور تعمیلی خدشات کا اظہار اور سوالات کر سکتے ہیں، ایسا کئی زبانوں میں، رازداری سے اور گمنام رہ کر کریں اگر آپ اس کا انتخاب کرتے ہیں، اور جہاں اس پر قانون کے ذریعہ پا بندی نہیں ہے، اور بغیر انتقامی کارروائی کے خوف کے کریں۔

Teradata اخلاقی ان باکس

بذریعہ ای میل **E&C@teradata.com**۔ آپ نیک نیتی سے مشتبہ خلاف ورزیوں کی رپورٹیں بنا سکتے ہیں، یا اخلاقی اور تعمیلی خدشات کا اظہار اور سوالات کر سکتے ہیں، رازداری سے کریں اگر آپ اس کا انتخاب کرتے ہیں، اور بغیر انتقامی کارروائی کے خوف کے کریں۔

Teradata کی قانونی تنظیم

مولی ٹریس (Molly Treese) کو molly.treese@teradata.com کو بذریعہ ای میل، یا آپ Teradata شعبہ قانون کے کسی دوسرے رکن سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ Teradata کے ملازمین **https://teradata.sharepoint.com/sites/LawHub/SitePages/The-Law-Team.aspx** پر لاء ہب میں قانونی ٹیم کے رابطوں کی ایک فہرست دیکھ سکتے ہیں۔

Teradata سندیافتہ پیشہ ورانہ پروگرام

ای میل کے ذریعہ، Teradata سندیافتہ پیشہ ورانہ پروگرام سے

حقوق اور Teradata پالیسیوں کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ ایسوسی ایٹس پر اس طرح کے کسی بھی عمل میں ملوث ہونے سے بچنا لازمی ہے۔ اگر آپ کو اس طرح کا کوئی مواد ملتا ہے، تو آپ کو TCPP سکیورٹی کو اطلاع دینی چاہیئے (**certification.teradata@teradata.com** پر ای میل کریں)۔

پر غیر قانونی یا قابل اعتراض مطالعہ مواد، مشکوک ٹیسٹنگ رویے، سرٹیفیکیشن کے عنوان کی نمائندگی، اور لوگو کے استعمال کے بارے میں سوالات۔

Teradata داخلی آڈٹ

پر رابطہ کریں-**audit.teradata@teradata.com**مالی بے ضابطگیوں سے متعلق مسائل کے لیے، براہ کرم انٹرنل

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں

Teradata Corporate اور آئی ٹی سکیورٹی

جسمانی تحفظ یا چوری کے مسائل کے لیے، معلومات کے تحفظ کے مسائل کے لیے **Teradata.SAFE@teradata.com** یا
پر گلوبل ٹیراڈیٹا کارپوریٹ سیکیورٹی سے رابطہ کریں **information.security@teradata.com**

Teradata کی عالمی پالیسیا

Teradata کے ملازمین کو ہماری عالمی پالیسیوں کی ویب سائٹ **https://teradata.sharepoint.com/teams/policy** تک رسائی حاصل ہے، جہاں ضابطے میں حوالہ دی گئی ہر ایک پالیسی مل سکتی ہے۔

Teradata.com اور دیگر آن لائن وسائل

Teradata.com Teradata کی کارپوریٹ نظم و نسق کی پالیسیوں اور طرز عمل کے متعلق معلومات (ملاحظہ کریں **Teradata.com/About-Us/Corporate-Governance**) اور Teradata کی دیگر کارپوریٹ سماجی ذمہ داری اور استحکام پذیری کی پالیسیوں، اور پیش قدمیوں (ملاحظہ کریں **Teradata.com/About-Us/Corporate-Social-Responsibility**) کے متعلق معلومات پیش کرتی ہے۔ Teradata کے ملازمین کو ہماری **اخلاقیات اور تعمیل شیئر پوائنٹ سائٹ**
https://teradata.sharepoint.com/teams/EthicsandCompliance **https://teradata.sharepoint.com/sites/LawHub/SitePages/Ethics-&-Compliance.aspx** تک بھی رسائی حاصل ہے، جس میں حوالہ جات کی رہنما ہدایات، تربیتی ویڈیوز، اور ضابطے میں احاطہ کردہ ہر موضوع کے بارے میں دیگر معلومات شامل ہیں۔

17095 Via Del Campo, San Diego, CA 92127 Teradata.com

Teradata اور Teradata لوگو Teradata Corporation اور/یا امریکہ میں اس کے ملحقہ اور دنیا بھر کے رجسٹرڈ ٹریڈ مارکس ہیں۔ نئی ٹیکنالوجی اور اجزاء دستیاب ہونے پر Teradata مسلسل مصنوعات کو بہتر بناتا ہے۔ Teradata اس وجہ سے، پیشگی اطلاع کے بغیر وضاحتیں تبدیل کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ تمام خصوصیات، افعال، اور یہاں بیان کردہ کارروائیوں کی دنیا کے تمام حصوں میں مارکیٹنگ نہیں کی جا سکتی۔ مزید معلومات کیلئے اپنے Teradata نمائندے یا Teradata.com سے رابطہ کریں۔

© 2025 Teradata Corporation جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ امریکہ میں تیار شدہ

کسی خلاف ورزی کی اطلاع دینے یا کوئی خدشہ ظاہر کرنے کے لیے

ملاحظہ کریں Teradata اخلاقی ہیلپ لائن یا ہمیں 1-866-455-0993 پر کال کریں